تحفۂ روحانیات

جون ۲۰۰۹

سید عابد حسین شاہ

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

ان اللہ علی کل شیء قدیر

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

جلد چہارم — جون 2009ء — شمارہ نمبر 12

ترتیب مضامین

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان جاری کیا۔

اللہ ربُ العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستگی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔

(ابومحمد مصباح العلم)

☆کلمہ استغفار ''اَستَغفرُ اللہ رَبِی مِن کُلِ ذنبِ و اتوُبِ الیہ' (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے

☆اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٌ وعلٰی آلِہ مُحَمَّدَ بِعَدَ دَالمُزَمِّل وَالخصَائِصَ۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک: ۔حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادیگا۔

حدیث پاک: ۔اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دُنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اسکی غربت و مفلسی کو دور کردیگا۔ جس مشکل کیلئے پڑھیگا وہ مشکل آسان ہوجائیگی۔

حدیث پاک: ۔حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبیؐ نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہؓ کرام آپؐ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔

روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ

جو شخص مردہ کی قبر پر 1 بار پڑھے گا تو 300 برس تک اس سے عذاب دور ہوگا اگر 3 بار پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس مردہ پر نہ ہوگا اور آنحضرتؐ نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد رکھے گا اس کو دُنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش والواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا ''میں نے حضرت محمدؐ دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟''

آپؐ نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

زکات سورۃ مزمل جمادی الثانی

جمادی الثانی میں سورۃ مزمل کی زکات اس طرح دی جائیگی نوچندی جمعرات قبل نماز فجر 41 بار سورۃ مزمل پڑھیں اور روزانہ اس تعداد میں 1 کم کرتے جائیں 21 دن بعد 20 تعداد رہ جائیگی۔ آئندہ چاند نوچندی جمعرات اس 20 تعداد کو پھر شروع کریں حسب سابقہ 1 تعداد کم کرتے جائیں۔ دونوں نو چندی جمعرات کے درمیان کے خالی دنوں میں روزانہ 5 بار سورۃ مزمل بعد نماز فجر پڑھیں۔ جب آئندہ ماہ رجب میں 20 تعداد سورۃ مزمل کا چلہ شروع کریں گے تو اس کے آخری دن کے بعد روزانہ بعد نماز فجر 5 بار سورۃ مزمل مع درود مزمل کا ورد رکھیں گے اس طرح سورۃ مزمل کی زکات ادا ہوجائیگی۔ کسی بھی پریشانی یا مشکل میں 5 بار سورۃ مزمل پڑھیں یا ہر نماز کے بعد 5 بار سورۃ مزمل پڑھ لیا کریں۔ اول آخر درود مزمل کا ورد لازمی کریں اگر ابتدائی اور اختتامی درود مزمل باقاعدگی سے پڑھا جائے تو بہترین نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ قارئین تحفہ روحانیات کا اس عمل اور زکات مزمل کی عام اجازت ہے اللہ تعالیٰ کسی بھی عمل کی رجعت، پریشانی، مصیبت سے صاحب عمل کو محفوظ رکھے (آمین)

(نوٹ) قارئین کے پُر زور اصرار پر سورۃ مزمل کی ادائیگی زکات ہر ماہ کا وظیفہ طریقہ دوبارہ سے شروع کیا جارہا ہے۔ صاحب عمل دوران چلہ پیش آنے والے واقعات تحریر کرکے ادارہ کو ارسال کرکے راہنمائی لے سکتے ہیں۔

سورۃ مزمل کے خواص

تحریر ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل

اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا

(ترجمہ) بے شک دن میں تو تم کو بہت سے کام ہیں۔

سَبۡـــحٗ پانی میں تیرنے کو کہتے ہیں۔ وہ گھوڑا جو کہ بہت تیز رفتار ہو اس کو **فرس بحٌ** کہا جاتا ہے آیت مبارکہ کا مفہوم اور مطلب واضح ہے کہ دن میں بہت سی مصروفیات ہوتی ہیں جس میں اہل خانہ کیلئے تلاش رزق دینی و دنیاوی امور کے خاطر سفر وغیرہ بھی شامل ہیں اسی وجہ سے انسان کو دن میں عبادت کرنے میں نرمی دی گئی ہے لیکن رات کے وقت ہر طرف سکون ہوتا ہے عبادت الٰہی اور قرات قرآن کیلئے صبح کا وقت نہایت موزوں قرار دیا گیا ہے۔

حدیث نبوی ہے کہ جب رات کا تیسرا حصہ رہ جاتا ہے تو ہمارا پروردگار پہلے آسمان پر (اپنی شان کے شایان) نزول اجلال فرماتا ہے۔ فرماتا ہے کہ کون ہے جو مجھ سے دعا مانگ رہا ہے تاکہ میں اسکی دعا کو قبول کروں کون ہے جو مجھ سے سوال کر رہا ہے تاکہ میں اس کو دوں' کون ہے جو گناہوں کی بخشش چاہتا ہے تاکہ میں اس کو بخش دوں۔

ایک اور حدیث میں ارشاد فرمایا کہ تم کو رات کے وقت جاگنا ضروری ہے پہلے زمانے کے نیک لوگوں کا یہ دستور رہا ہے کہ رات کو جاگنا اللہ کے قرب کا ذریعہ ہے اور گناہوں کو ملیامیٹ کرنے والا ہے۔

حدیث نبوی ہے کہ حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ تین آدمی وہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ دیکھ کر بہت خوش ہوتا ہے۔

(1) وہ شخص جو رات کے وقت اُٹھ کر نماز تہجد پڑھتا ہے۔

(2) وہ لوگ جو کہ نماز کیلئے صفیں باندھتے ہیں۔

(3) وہ لوگ جو کہ میدان جنگ میں اپنی صفوں کو درست کرتے ہیں۔

حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا۔ حاملین قرآن (قرآن کے حافظ و عالم) اور راتوں والے (رات کو نماز پڑھنے والے) میری اُمت میں سب سے افضل ہیں۔

حصول روحانیت

جس طرح آیت مبارکہ کے ترجمہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ آیت مبارکہ حصول روحانیت کیلئے اثرات رکھتی ہے وہ لوگ جو کہ اللہ سے محبت اور فرمانبرداری کا اظہار احکام الٰہی کو مانتے ہوئے کرتے ہیں تو اللہ کی محبت دین کیلئے بے انتہا ہو جاتی ہے۔ روحانیت کے حصول کیلئے آیت مبارکہ کو نماز تہجد کے قبل 298 بار پڑھا جائے تو روحانیت کا حصول ہو جاتا ہے۔ وہ لوگ جو کہ اللہ سے دوستی رکھ لیتے ہیں اللہ کی محبت اور دوستی بھی ایسے ہی لوگوں کیلئے ہوتی ہے۔

بندش غلبہ دشمن

آیت مبارکہ میں حروف صوامت سے متعلقہ 13 بار حروف شامل ہیں جن کے عدد قمری 401 بنتے ہیں یہ خالص 9 حروف ہیں۔ آیت کے عدد حروف صوامت میں نام دشمن مع والدہ کے عدد قمری شامل کر کے مثلث خاکی چاند کی 13 تاریخ کو اندھیرے کمرہ میں موم بتی روشن کر کے پنسل سے پُر کر کے اسی وقت پرانی قبر میں دفن کر دی جائے تو یقیناً دشمن کی زبان بند ہوگی اور ایسے دشمن کی دشمنی بھی بند ہو جائیگی قارئین کرام اس عمل کو گرہن میں بھی کر سکتے ہیں جو کہ جولائی میں آرہے ہیں۔

دفع بندش

کاروبار بند ہو یا روزگار لڑکیوں کی شادی یا اولاد کی بندش ہو جادو ٹونہ کے اثرات ہوں یا کسی بھی قسم کی دیگر پریشانی اس عمل کو شرف' اوج شمس و زہرہ' قمر میں کیا جاسکتا ہے۔ نہایت پُر تاثیر عمل ہے سورۃ مزمل کی زکات ادا کرنے والے حضرات اس عمل کی قوت سے کام لے سکتے ہیں۔ بعد تیاری نقش کے 443 بار آیت مبارکہ کا ورد کریں۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ اس طرح لو ہے کہ درج بالا آیت کے اعداد حروف نورانی 433 کا مربع آبی پُر کریں اور حروف نورانی متعلقہ آیت مبارکہ ا' ح' ط' م' ی' ن' ق' س' ہ' ل' ر سے متعلقہ اسم الٰہی **یا اللہ ' یا حی ' یا قیوم ' یا طاھر' یا مغنی ' یا یحی ' یا نافع' یا قوی' یا سلام' یا ھادی' یا لطیف' یا رؤف'** اس نقش کے چاروں کونوں پر تحریر کریں۔ نقش کے آخر میں مقصد تحریر کریں اگر یہ عمل چاند کی 14 تاریخ کو کیا جائے کھلے آسمان کے نیچے۔ نقش زعفران سے ہرن کی جھلی پر تحریر کریں بخورات کا استعمال لازمی ہو یہ نقش فوری طور پر اپنے اثرات ظاہر کرے گا۔

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

زہرہ تسدیس مشتری

تاریخ	دن	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
3	بدھ	8:43 9:52	12:11 13:21	شمال مغرب	19:59 20:49	شمال مشرق

تسخیر دولت

ستاروں کی اس نظر کے تحت مفلسی کو دور کرنے کیلئے اور دولت کو مسخر کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔ نقوش کے فن سے آشنا حضرات یا مغنی یا منعم کا اسم الہٰی کے عدد قمری 1300 لے کر اس میں اپنا نام معہ والدہ کے اعداد شامل کریں اور نقش مربع آتشی چال سے درج بالا ساعت میں پر کریں۔ وہ لوگ جو کہ نقش بنانا نہ جانتے ہوں درج بالا ساعت میں اسم الہٰی کا ورد 1300 بار کرنے کے بعد انہی اسم الہٰی کو 11,11 بار دائرہ کی شکل میں تحریر کریں درمیان میں اپنا مقصد معہ والدہ تحریر کریں۔ بہتر ہے کہ ان نقوش کو زعفران کی سیاہی سے ہرن کی جھلی پر بنایا جائے یا پھر چاندی پر نقش کندہ کیا جائے۔ اگر نقش بنائیں تو اس کے آخر میں طلسم زہرہ و مشتری تحریر کریں اور چاندی پر لوح کی صورت میں تیار کریں تو اس کی پشت پر درج بالا طلسم کندہ کئے جائیں۔ طلسمات حاصل کرنے کیلئے قبل از وقت ادارہ سے جوابی لفافہ کے ہمراہ رجوع فرمائیں۔

شمس تربیع زحل

تاریخ	دن	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
6	ہفتہ	5:12 6:22	13:24 14:34	مشرق	20:54 21:44	جنوب مشرق

تکمیل خواہشات

(1) (مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے۔ (عمل) آج

کے اس عمل میں اسم اعظم یا باسط کا ورد 720 بار کریں اگر نقش بنا سکتے ہوں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم باسط 72 ہیں اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں نقش خاکی چال اپنے پاس رکھیں باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کرلیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم باسط 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کردیں روزانہ ایک چھوراہ لیں اور نہار منہ اس چھوارے پر 72 بار یا باسط پڑھ کر کھالیں اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دُعا کریں اس چھوارے کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار یا باسط پڑھا جائے ہر قسم کی بندش ختم ہونے کے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

عطارد تربیع مشتری

تاریخ	دن	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
10	بدھ	5:22 6:22	13:22 14:32	شمال مغرب	20:58 21:42	شمال مشرق

خاتمہ بندش شادی

(مقصد عمل) ستاروں کی اس سعد ترین نظر میں آپ اپنے ہر نیک مقصد کے لئے عمل کر سکتے ہیں بشرط ہے کہ آپ کی نیت خالص ہو میں کامیابی کے لئے یقین کامل پہلی شرط ہے آپ کی زندگی کا ہر مقصد شادی بیاہ، روزگار، مقدمہ گھریلو لڑائی جھگڑے وغیرہ کے حل کے لئے اس عمل سے مکمل فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 2 رکعت نماز صلوۃ الحاجات + 21 بار درود شریف + 21 بار آیت مبارکہ ان اللہ علیٰ کلِ شیٍ قدیر + 21 بار درود شریف ہر روز بعد نماز فجر 21 بار اسی طرح آیت مزکورہ کا ورد کریں جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔ آیت مذکورہ کو 107 بار کاغذ پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر بھی باندھ لیں۔ نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لازمی لکھیں۔

شمس تثلیث مشتری

تاریخ	دن	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
18	جمعرات	5:12 6:22	13:24 14:34	شمال مغرب	20:54 2144	شمال مشرق

خاتمہ غربت وافلاس

(مقصد عمل) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں لکی نمبرز پرائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی سکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے عمل میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ ضروری ہی نہیں ہے اس عمل کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار +21 بار درود شریف +21 سورہ مزمل +21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الٰہی ''یا مغنی یا زکی'' ''یا مغنی یا لطیف'' 7 بار لکھیں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الٰہی کا ورد عمل کے وقت 117 بار کریں۔

زہرہ قران مریخ

تاریخ	دن	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
21	اتوار	6:23 7:34	12:15 13:25	مشرق	21:44 20:07	جنوب مشرق

دفع غصہ

(مقصد عمل) مرد وعورت میں صلح کرانے کے لیے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبعیت اور زیادہ غصہ والے ہوں آج اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) **یا رحمن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد سوا پاؤ مکھن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس عمل کی برکت سے وہ شخص مکمل طور پر صاحب عمل کے لیے مسخر ہو جائے گا۔

مریخ تثلیث زحل

تاریخ	دن	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
22	پیر	6:23 7:34	14:38 15:46	جنوب مغرب	21:46 20:07	مغرب

دفع خوف وبزدلی

(1) (مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت ایسے افراد جن کی فصل کسی بیماری کی وجہ سے خراب ہو جاتی ہو یا وہ افراد جو کہ زیادہ عمر ہونے کے باعث خون کی کمی کا شکار ہوں یا وہ افراد جن کے دل میں بزدلی اور خوف بے انتہا ہو آج سیاروں کی اس نظر سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) عمل کے لیے دو انچ لمبائی چوڑائی کا ٹین کا ٹکرا لیں اس کے کنارے گول کرنے کے بعد ان پر **یا حیی یا ممیتُ** اسمائے حسنی اس طرح تحریر کریں کہ پہلے ان اسمائے حسنی کے ایک ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ ایک دوسرے کے فاصلے سے لکھیں۔ مثلاً ح ی ی م م ی ت ان حرف میں اپنا مقصد مثلاً ''دفع بیماری'' ہے تو اس نام کے حرف کو بھی ایسے ہی الگ الگ کر کے ایک حرف کے بعد لکھ دیں جو اس طرح سطر بنے گی ح دی ف ی ع م ب م م ی ات ری اسی وقت میں ان دونوں اسمائے حسنی کو ملا کر 1100 بار ورد کریں اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں اور اس لوح پر پھونک دیں فصل کی خرابی کا ڈر خوف ہو تو کھیت میں اس لوح کو لٹکا دیں خون کی کمی بزدلی اور خوف کی کیفیت ہو تو سیدھے بازو پر اس لوح کو باندھ لیں بعد عمل روزانہ ان دونوں اسمائے حسنی کا ورد 108 بار کریں انشاللہ دوبارہ نہ تو فصل خراب ہوگی اور نہ ہی خون کی کمی ہوگی اور نہ ہی دل میں بزدلی اور خوف کی کیفیت ہوگی یاد رہے کہ لوہے کی تختی پر یہ لفظ لوہے کی قلم (کیل) سے کندہ کیے جائیں۔

زہرہ تثلیث زحل

تاریخ	دن	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
22	پیر	6:23 7:34	14:38 15:46	مغرب		

غیر شرعی فعل سے بچاؤ

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسی عورتیں جو بدکاری اور غیر شرعی فعل کی مرتکب ہو یا جو زبان درازی بہتان اور اسی قسم کے دوسرے

گناہوں میں مبتلا ہوں ان کو سزا دینے یا ان بداعمال سے باز رکھنے کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے یا مرد اور عورت کو سزا دینے کے لیے یا ان کے ناجائز تعلق کو ختم کرنے کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں گدھا، گھوڑا، کتا یا بلا وغیرہ یا کسی بھی حرام جانور کی ہڈی پر اس طلسم کو پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔ اور جب تک یہ ہڈی جل کر خاکستر نہ ہو اُس وقت تک ان طلسماتی الفاظ کو پڑھتے رہیں جب ہڈی جل جائے تو اُس کی راکھ کو اُٹھا کر اُس مکان میں یا اُس جگہ پر پھینک دیں جہاں پر ایسا بدکار شخص رہتا ہو انشاءاللہ چند ہی یوم میں وہ شخص اپنی بدکاری سے باز آجائے گا پڑھتے ہوئے اُس شخص کا تصور اور اپنے مقصد کا دھیان رہے وہ طلسم جو اس وقت پڑھا جائے گا وہ یہ ہے **اھطم فشز ھب ھب لا مھو لا ھتا۔**

نقش بنانے کے لیے 442 عدد کا مربع آتشی اس ہڈی پر لکھیں نیچا اپنا مقصد تحریر کریں۔ بدکار شخص کا نام اگر متبرک ناموں میں سے ہے تو نام لکھنے کی بجائے اس وقت صرف اُس شخص کا تصور کیا جائے اور اگر نام متبرک نہیں ہے مثلاً گلو، بالا، کالا وغیرہ یعنی عرف عام مشہور ہے تو یہی لکھا جائے گا۔

عطارد تربیع زحل

تاریخ	دن	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
26	جمعہ	6:24 7:35	14:37 15:48	شمال	21:48 22:37	مشرق

حل مشکلات

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر میں اپنی مشکلات کے حل کے لیے عمل کر سکتے ہیں خواہش جائز ہونی چاہیے آج کے عمل سے انشاءاللہ تعالیٰ حاصل ہوگی۔

(عمل) 21 بار درود شریف +21 بار سورۃ مزمل +21 بار درود شریف آخر میں پڑھیں بعد پڑھائی سفید کاغذ پر زعفران کی سیاہی سے سورۃ مزمل لکھیں اس کاغذ پر اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لکھیں اس لکھے گئے کاغذ کو فریم بنوا کر دوکان یا مکان میں لٹکا دیں دوکان کی بندش ختم ہوگی رزق میں اضافہ ہوگا بچیوں کے رشتے کے بارے میں پریشان والدین اس کاغذ کو تعویذ کی صورت میں لپیٹ کر بچی کی دائیں بازو پر باندھ دیں ہر روز بعد نماز فجر 7 بار اول آخر درود شریف اور 7 بار سورۃ مزمل پڑھ کر اس کاغذ پر دم کریں۔

(2) (مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر سے ایسے والدین فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو اپنے بچوں کے رشتہ نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں یا کسی بھی طرح کی بندش کا شکار ہیں عمل سے قبل آکاش بیل کا عرق بوتل میں جمع کر لیا جائے۔ (عمل) ایک تسبیح استغفار +21 بار درود شریف +2000 بار ''یابدوح'' +21 بار درود شریف سفید کاغذ پر بسم اللہ شریف لکھنے کے بعد 20 بار 'یابدوح' آکاش بیل کے حاصل شدہ عرق سے لکھیں لکھیں نیچے دعائیہ انداز میں اپنا مقصد تحریر کریں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ لیں اور جس کا نکاح بندھا ہو اس کے گلے میں لٹکا دیں۔ اسی طرح ایک دوسرا نقش تیار کریں اس نقش کو پانی میں ڈال دیں نہار منہ صبح اس پانی کے 3 گھونٹ 20 روز تک پئیں اب روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود شریف 21 بار + 'یابدوح' 108 بار پڑھ کر اس نقش پر دم کردیں جب تک مقصد پورا نہ ہو بلاناغہ ورد کریں اور ہاتھ اُٹھا کر اپنے مقصد کی دعا کریں شادی کے معاملے میں بڑی سی بڑی بندش رفع ہوجاتی ہے۔

لوح مزمل خاص

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوگی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ! 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔ اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔

حضرت بصری ؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہو اسے جس قدر حاسد ظالم جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہوجائیں گے۔

اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات' مصیبت' پریشانی سے چھٹکارا' غربت و افلاس کا خاتمہ' مشکلات میں آسانی' دشمنوں پر غلبہ' حاسد ظلم' جادوگروں' خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔ اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔ لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔

لوح مزمل خاص بھی ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل کے اپنے دست مبارک سے بنائی جاتی ہے۔

ھدیہ/ لوح 2100 روپے

کرشمات الارواح

حصول طلسماتی چادر و انگشتری

رانا ناصر علی (جھنگ صدر)

قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں اس دفعہ حصول طلسماتی چادر و انگشتری کا عمل حاضر خدمت ہے۔ یہ عمل نہایت مجرب المجرب ہے۔ دنیا میں ہر انسان کی خواہش وتمنا ہوتی ہے کہ وہ اپنی زندگی نہایت آرام و پر سکون طریقہ سے گزارے اور یہ اس وقت ہی ممکن ہوتا ہے جب بندہ قرآن پاک کی تلاوت کو اپنا مقصد بنا لے کیونکہ دین دین اسلام سے نزدیکی ہی اس کو نیک راستہ دکھاتی ہے۔ جس سے وہ زندگی میں کامیاب و کامران ہوتا ہے قارئین کرام روحانیات کا علم بھی ایک سمندر ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتا بس اس علم کو حاصل کرنے و سیکھنے کے کچھ اصول ہوتے ہیں ہر کام کا ایک قاعدہ ہوتا ہے۔ جو اس قاعدے پر عمل کرتا ہے وہ کامیاب ہوتا ہے اور جو قاعدے پر عمل نہیں کرتا تو ناکامی اسی کا مقدر ہوتی ہے قارئین کرام یہ جو عمل میں پیش کرنے جا رہا ہوں اس عمل میں طلسماتی چادر و انگشتری ملتی ہے یہ چادر اور انگوٹھی جو عمل کرنے کے بعد ملتی ہے ان سے ہر دنیا کا کام پل بھر میں لیا جا سکتا ہے گھنٹوں کا فاصلہ سیکنڈوں میں طے ہوتا ہے۔ ان دو چیزوں کو حاصل کر لینے کے بعد بندہ آرام سے زندگی گزار سکتا ہے اسے کسی چیز کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ مخلوق میں اس کی عزت بڑھ جاتی ہے رزق میں اضافہ ہوتا ہے اس کے علاوہ حب بغض غائب کی واپسی چور کا پتہ چلانا بیماری کا علاج بندشوں کا توڑ غرض ہر کام ہوتا ہے۔ آفت ناگہانی کا بروقت پتہ چلا جاتا ہے۔

یہ دو چیزیں کسی نعمت سے کم نہیں ہیں بس اس کو حاصل کرنے کیلئے تھوڑی محنت درکار ہے۔ پھر ساری زندگی کا سکھ ہے۔ اس عمل کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی جمعرات سے ترک حیوانات کرے اس دن عمل کیلئے کوئی علیحدہ کمرہ منتخب کریں جو کہ پاک صاف ہو۔ کمرے میں قبلہ رخ ہو کر باوضو بیٹھیں بخور لوبان واگربتی کا روشن کریں اور عبارت عمل کو باحصار 3125 مرتبہ پڑھیں مع اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور عمل مکمل ہونے کے بعد بغیر کسی سے گفتگو کئے سو جائیں عمل سے قبل اگر دو رکعت نفل پڑھ لئے جائیں تو بہت خوب ہے۔ عمل کی مدت اکتالیس یوم ہے۔ عمل کے اثرات اکیسویں یوم سے شروع ہو جاتیں ہیں دوران عمل مختلف قسم کی ڈراونی اشکال آ کر ڈراتی ہیں بعض اوقات ایسا محسوس ہوتا ہے عمل کے دوران مختلف عورتیں بدصورت وخوبصورت حاضر ہو کر ڈراتی ہیں لیکن آپ نے اپنا دل قوی رکھنا ہے۔ اور پڑھائی ہرگز نہیں منقطع کرنی ہے۔ کوئی بھی نقصان آپ کا ہرگز نہ ہوگا حتیٰ کہ اکتالیسویں دن جب آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہو جائے گی تو غیب سے ایک بزرگ نمودار ہوگا جو کہ دراصل طلسماتی چادر وانگشتری کا موکل ہوگا وہ آپ سے پوچھے گا کہ آپ نے مجھے کیوں یاد فرمایا ہے اس وقت آپ اس سے کہیں کہ آپ کے پاس جو طلسماتی چادر وانگشتری ہے وہ مجھے دے دو وہ آپ کو دونوں چیزیں دے دے گا بس آپ اس کو شکریہ کے ساتھ رخصت کر دیں اور اس چادر اور انگشتری کی بڑی حفاظت کریں اور قدر کریں کیونکہ بے قدری سے نعمت زائل ہوتی ہے۔ اس کے بعد جب بھی کوئی کام آپ کو لینا ہو تو یہ عمل اکتالیس دفعہ پڑھ کر لیں انشاء اللہ ان دونوں چیزوں کی برکت سے آپ کا ہر کام ہوگا لیکن صرف جائز کام لیں ناجائز کام لینے سے یہ دونوں چیزیں آپ کے ہاتھ سے چلی جائیں گی اور آپ کا نقصان الگ ہوگا میں نے پوری تفصیل سے عمل لکھ دیا ہے اس عمل کی اجازت محترم قبلہ ماہر روحانیات شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے ضرور لیں بغیر اجازت عمل کرنے سے ناکامی کے ساتھ ساتھ رجعت کا اندیشہ ہے بانی ادارہ مکتبہ روحانیات اور میرے حق میں دعائے خیر بھی ضرور کریں۔

عمل یہ ہے:۔

مخدوم شاہ دادا میاں درگاھی شاہ مولا کریم شاہ مستان شاہ شہید مرد جنات۔

لکھاری حضرات

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے تمام محترم لکھاری حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنی تحریر کاغذ کے ایک جانب واضح لکھ کر ارسال کریں اور خاص طور سے عربی آیات کا حوالہ یا اعراب لازمی لگایا کریں کوشش کریں کہ عام فہم زبان کا استعمال ہو۔

مریخ تثلیث زحل

انوار الجفر بکائولی

تحریر:۔ شعیب الرحمٰن شاہ (ایبٹ آباد)

اکثر لوگوں کی زندگی میں یہ خواہش ہوتی ہے کہ ہر شخص مجھ پر مہربان ہو اور تمام دنیا مجھے اچھی نظروں سے دیکھے اور ہر شخص عزت واحترام کریں۔ 22 جون 2009ء کو مریخ زحل تثلیث 19:35 منٹ پر قائم ہوگی یا 20 جولائی عطارد مشتری تثلیث 12:17 منٹ پر قائم ہوگی۔

یہ دو اوقات اس سال کے اہم اوقات میں سے ہیں۔ زمانہ قدیم ترقی یافتہ حصہ جنوب وزیرستان کے نام سے مشہور تھا چلتے چلتے انسان ایسی ترقی پر چلا گیا کہ اس نے طلسمات سے فیض حاصل کیے۔ اکثر علمائے جفر کو اس چیز کا پتہ تھا وہ طلسم کی تاثیر سے فائدہ اٹھاتے تھے اکثر لوگ بنگال جا کر سحر جادو وغیرہ سیکھ کر آتے ہیں جبکہ طلسم اور سحر جادو میں زمین و آسمان کا فرق ہے طلسم پتھر یا حروف یا الفاظ ہوتے ہیں آج کی محفل میں ماہنامہ تحفہ روحانیات کیلئے حکیم افلاطون اور حکیم طمطم ہندی کا ایک خاص عمل مشہور معروف ماہنامہ تحفہ روحانیات کی نذر کرتا ہوں۔ یہ عمل میرے والد بزرگ کو اپنے دوست جو کہ ایک جفار عامل گزرے ہیں اس جفار عامل کا نام عبداللطیف جہانگیری صاحب جو کہ اپنے دور کے طلسماتی افلاطونی سے بہت فائدہ اٹھاتے تھے۔ میرے والد بزرگ اپنی کتاب آثار الجفر حصہ دوم میں لکھتے ہیں۔ وہ اس کتاب میں لکھتے ہیں کہ یہ عمل رجوع خلق تسخیر مستورات بلکہ تسخیر افلاطونی اس طلسم کی برکت سے تسخیر کائنات اکبر حاصل ہوتی ہے۔ میرا خود برسوں سے یہ طلسم تجربہ میں ہے۔ میں نے اکثر دوستوں کیلئے اچھی نظریات میں تیار کر کے دیتا ہوں۔ اور دو تین مرتبہ قمر در عقرب میں بھی تیار کر کے دی ہے تب بھی وہی اثر دیتا ہوں اس طلسم سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں۔

حکیم افلاطون علم الجفر اور علم طلسمات میں ایک استاد کی حیثیت رکھتے تھے صاحب مفتاح الجفر جدید حصہ سوئم۔ اسرار کاظمی مفتاح الاستخراج الجفر وغیرہ وغیرہ جفر کی کتابوں میں لکھتا ہے کہ یہ طلسم تسخیر خلق کیلئے ایک نعمت ہے۔ جبکہ مریخ اور زحل نحس ستارے ہیں جب یہ دونوں اچھی نظریات قائم کرتی ہیں تو اس کی تاثیر نقش یا لوح پر اتار لی جاتی ہے جبکہ زحل کو 30 سال بعد شرف ہوتا ہے۔ اور فتوحات اور مقدمہ میں کامیابی کیلئے یہ طلسم تسخیر دولت کیلئے بھی استعمال ہوتی ہے۔ جن لوگوں پر زحل مریخ کی نحوست ہو تو مریخ زحل کی تثلیث میں تیار کریں جو لوگ تسخیر خلق، رجوع خلق، تسخیر کائنات مطلوب ہو تو مشتری شمس کی تثلیث میں تیار کریں شمس بادشاہ فلک ہے۔ اور مشتری برج اسد جو کہ عروج میں موجود ہے۔ یہ طلسم ایک ڈرم پانی میں ناف تک کھڑے ہو کر لوح یا نقش پر اتار لیا کریں پانی اس میں شرط ہے۔

طلسم بکائولی افلاطونی یہ ہے۔ یہ زعفران عنبر اور مشک سے کاغذ پر بنائیں۔ یا تانبے کی لوح یا چاندی کی لوح پر بنائیں۔

اس سال مریخ تثلیث زحل 22 جون شام 7:45 منٹ پر یہ نظر قائم ہوگی۔



یہ طلسم پھر سات راتوں تک آسمان کے نیچے رکھیں۔ اور صبح سویرے اٹھا لیا کریں۔ اور رات کو پھر رکھا کریں۔ میں نے مکمل طریقہ لکھ دیا ہے۔ آخر میں مجھ گنہگار ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر فرمائے۔

انوار الجفر

لوحِ محبت

تحریر: سیدہ انیسہ شعیب کاکاخیل (ایبٹ آباد)

اس سال 18 جون شمس تثلیث مشتری قائم ہوگی۔
اس میں محبت عزت ترقی کے لئے عمل تیار ہوتے ہیں یہ عمل ان میاں بیوی کے لئے ہے جن میں ناچاقی ہو یا ایک ساتھ نہ رہتے ہوں آج کی محفل میں تحفہ روحانیات کیئے لے کر حاضر ہوں اس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ نام طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد نکالیں' محبت کے اعداد 450 لیں پھر آیت زین الناس کے عدد 9158 لیں مندرجہ ذیل چال ہوگی۔

۱۳	۱۵	۷	۴
۳	۸	۹	۱۴
۱۲	۱۵	۲	۵
۶	۱	۱۶	۱۱

مطلوب کے نام اور معہ والدہ کے اعداد کو خانہ اول میں لکھیں یہ خانہ نمبر 4 تک ہر خانہ میں 92 کا اضافہ کرنا ہے۔
نام طالب معہ والدہ کے اعداد خانہ نمبر 5 تا خانہ نمبر 8 تک ہر خانہ میں 92 کا اضافہ کرنا ہے۔
خانہ نمبر 9 سے خانہ نمبر 12 تک مقصد محبت کے اعداد 450 لکھیں ہر خانہ میں 92 کا اضافہ کرنا ہے۔
اب خانہ نمبر 4,7,10 کے اعداد کو جمع کر کے کل اعداد 9158 سے تفریق کریں حاصل عدد کو خانہ نمبر 13 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 92 کا اضافہ کرنا ہے میزان چار طرف سے درست ہوگی۔
اب مثال کے ذریعے سمجھا دیتا ہوں۔
مثلاً:۔
طالب شعیب الرحمٰن=712
مطلوب انیسہ=126
مقصد محبت=450
کل اعداد=9158

۷۸۶

جبرائیل

۷۳۵۱۸	۵۴۲	۸۹۴	۴۰۲
۳۱۵	۹۸۸	۴۵۰	۷۴۱۰
۷۲۶	۷۵۰۲	۲۱۸	۷۱۲
۸۰۴	۱۲۶	۷۵۹۴	۶۳۴

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل

اس نقش کے نیچے یہ عزیمت لکھیں۔
اللھم جمع بنی نام طالب شعیب الرحمٰن وبین نام مطلوب انیسہ بحق یا جامع المنفر دین بقول کلام پاک زین الناس حسن العاب سورۃ آل عمران کی 14 ویں آیت ہے۔ دو نقش بنائیں ایک کو طالب اپنے گلے میں ڈالے اور دوسرے نقش کو درخت سے باندھیں اس عمل کی برکت سے مطلوب بے قرار ہوگا یہ حقیقت ہے کہ مطلوب ضرور حاضر ہوگا۔
اس عمل کو ساعت زہرہ یا زحل میں تیار کریں۔

فیضان الجفر

فرح سیارہ مشتری

زہرہ مشتری تسدیس

تحریر: شہزادہ حضور علی سون (گل محمد خان)

پیارے قارئین تحفہ روحانیات اسلام علیکم! اس مرتبہ ایک ایسا مجرب عمل لے کر حاضر ہوا ہوں کے انشااللہ تمام قارئین کو پسند آئے گا۔ خوش قسمتی سے ماہ جون میں دو طاقتور اوقات حاصل ہوں گے۔ ایک سیارہ مشتری طاقت فرح میں۔ اور دوسرا وقت زہرہ و مشتری میں نظر تسدیس، پورا سال میں نے انتظار کیا کہ سیارہ مشتری عرصہ 12 سال کے بعد طاقت فرح میں چل رہا ہے۔ عاملین لوگ اس وقت سے شاید بے خبر ہیں اس لئے قارئین کی روحانی خدمت نہ کر سکے اور مضامین پیش نہ کر سکے۔ آخر کار یہ خدمت بھی اس گنہگار کے حصے میں آ گئی۔ یہ مضمون میں نے بڑی چاہت و روحانی احساسات جذبات کو مدنظر رکھ کر لکھا ہے۔ اس احساسات کو بڑھانے اور راز افشاء کرنے میں واقع ہی کسی اور شخصیت کا ہمدرانہ جذبہ بھی شامل ہے۔ جس نے مجھے یہ میسج بھیجا۔

ختم ہو گا جب زندگی کا سفر دیکھ لینا تنہا رہ جاو گے
پھر تم دیکھ لینا زندگی میں بھی کوئی مقام اپنا بعد مرنے کے ہو گا
قدر دیکھ لینا مجھے اب کوئی کلی بھی نہیں دیتا
پھر پھولوں سے مہکے گی قبر میری دیکھ لینا
تنہا ہی زندگی میں چل رہا ہوں
جنازے میں ہو گا سارا شہر دیکھ لینا

اس دنیا میں جتنے جی جب کوئی انسان مصیبت کے عالم میں گھیرا ہوا ہوتا ہے تو سارے لوگ دوست عزیز و اقارب بھی دشمن بھی جاتے ہیں بس وہ پریشان شخص بیچارا مصیبت مفلسی تنگی کا سفر اپنی تنہائی و اکیلا ہی طے کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے کوئی ساتھ نبھانے والا نہیں ملتا۔ کوئی بھی شخص پھول کی کلی دینے کے لئے تیار نہیں ہوتا لیکن مرنے کے بعد وہی لوگ اس کی قبر پر گلاب کے پھولوں کی بڑی بڑی چادریں چڑھاتے ہیں کہ اب چھوٹی جان ہمیشہ کے لیے واپس نہیں آئے گا۔ ساتھ دینے کے لئے ایک شخص بھی ظاہر نہیں ہوتا لیکن بعد مرنے کے شہر کے سارے لوگ جمع ہو جاتے ہیں۔ افسوس صد افسوس کے لوگ ایسا کیوں کرتے ہیں منفی سوچ کے بیچارے مثبت سوچ سے کام لیں۔ قارئین تحفہ روحانیات آپ بہت اچھے ہیں اس لئے اپنے دل میں خدمت خلق کا جذبہ ضرور پیدا کریں یہ ہی تو کامیابی کا حقیقی راستہ ہے۔

یہ مضمون خصوصی طور پر ان کیلئے ہے جو لوگ مالی پریشانیوں، نوکری کا نہ ملنا، کاروبار کی رکاوٹ، سحر جادو فتنہ فساد، اولاد کا نہ ہونا، پڑھائی میں کامیابی نہ ہونا، دل پسند جگہ سے شادی کے سلسلے میں پریشان رہتے ہیں۔

فرح مشتری:۔

سیارہ مشتری شروع سال سے ہی برج دلو میں طاقت فرح میں چل رہا ہے۔ یعنی فرحت۔ راحت۔ شادمانی۔ خوشی عیش و عشرت مال دولت میں ترقی حاصل کرنے کا ایک بہترین موقعہ ہے 11 جون تک فیض حاصل کر سکتے ہیں۔ (15 جون تا 13 اکتوبر رجعت میں ہوگا) اس عرصہ میں کوئی کام نہ کریں فیض نہ ملے گا۔

زہرہ مشتری تسدیس:۔

ابتدا:۔ 2 جون — 1 بجکر 44 منٹ رات

مکمل:۔ 3 جون — 4 بجکر 37 منٹ صبح

خاتمہ:۔ 4 جون — 7 بجکر 9 منٹ صبح

اس وقت کے دوران پیار محبت۔ حاضری مطلوب من پسند جگہ سے شادی خوبصورت چہرہ۔ خوشی راحت۔ مال دولت میں ترقی پانے قرضہ ختم کرنے۔ تعلیمی شوق بڑھانے۔ اولاد کی خوشی حاصل کرنے۔ امراض سے شفاء پانے اور انعامی اسکیموں سے فیض حاصل کرنے کے لئے تعویز طلسم نقوش وغیرہ تیار کر سکتے ہیں۔ مقصد کے موافق ساعت کا انتظار کریں۔

ترکیب:۔

جس بھی مقصد کیلئے نقش تیار کریں تو پاک صاف ہو کر لکھیں۔ عرق گلاب عنبر زعفران کی رنگدار سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھیں۔ رجال الغیب کا لحاظ رکھیں۔ بخورات موافق ساعت ضروری جلائیں۔ انشااللہ نقش کے اثرات بہت جلد ظاہر ہوں گے۔

نقش فرح مشتری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۸۳	۱۷۶	۱۷۹	۱۶۵
۱۷۸	۱۶۶	۱۷۲	۱۷۷
۱۶۷	۱۸۱	۱۷۴	۱۷۱
۱۷۵	۱۷۰	۱۶۸	۱۸۰

نقش زہرہ مشتری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

سلسلہ وار

کرشمات حروف

تحریر: شاہینہ کنول

روحانیات کسی کی میراث نہیں۔ ہر اس شخص کو یہ حاصل ہوسکتی ہے۔ جو اس کا طالب ہو۔ کیونکہ شوق، لگن، محنت کے بغیر کسی بھی چیز کا حصول ناممکن ہے۔ ہر انسان میں یہ خواہش ہوتی ہے کہ کچھ ایسا ہو۔ جس کی مدد سے تمام مشکلات اور پریشانیاں حل ہوسکیں۔ روحانیات آپ کے اردگرد ہے ہر مصائب کا حل آپ کے ہاتھ میں ہے۔ ''حروف تہجی'' گو کہ روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عام لفظ ہیں۔ مگر تاثیر روحانی سے لبریز ہے۔ قرآن مجید، اسماء ربانی اور احادیث مبارکہ انہی حروف پر مبنی ہے۔ اور سب پر ان کی عظمت کرنا واجب ہے۔ انہیں کے ورد سے انسان روحانیات میں افضل ہو جاتا ہے۔ حروف دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک حرف نورانی اور دوسرے حرف ظلمانی، حروف نورانی یہ ہیں۔ ''ا، ل، م، ص، ر، ک، ہ، ی، ع، ط، س، ح، ق، ن''۔ اگر کسی شخص کو بچھو کاٹے تو حرف نورانی کو چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائے۔ انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔ جبکہ حرف ظلمانی ''ب، ت، ث، ج، خ، د، ذ، ز، ش، ض، ظ، غ، ف'' ان کو جو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ دشمنوں پر فتح پائے گا۔ حرف تہجی کی تاثیر درج ذیل ہے۔


جو کوئی حرف ''الف'' کو ایک سو گیارہ بار سونے کی تختی پر لکھے۔ انشاء اللہ آفات سے بچا رہے گا۔

حرف ''الف'' کے اتنے خواص ہیں کہ کوئی ایک شخص کیا......! تمام کائنات اسی ایک حرف الف سے مسخر ہوسکتی ہے۔ جتنی بھی نامور ہستیاں دنیا سے پردہ کر چکی ہیں پیر، اولیاء کرام تمام کا ورد زبان الف (اللہ) رہا ہے۔ تبھی تو حضرت بابا بلھے شاہ کے صرف الف کہہ دینے سے دیوار ٹوٹ گئی تھی۔ اور خدا نے فرشتوں کی جماعت آپ کے لیے بھیج دی تھی۔ اگر میں لفظ الف کی خوبیاں گنواؤں تو شاید رسالہ کے صفحے تو کم پڑ جائیں مگر حرف الف کی عظمت ختم نہ ہو۔

جو شخص بروز جمعۃ المبارک میں ساعت زہرہ کے درمیان اس نقش کو سیاہی زعفران سے لکھے۔ لوازمات نقش لکھنے کا خیال رکھے۔ تو انشاء اللہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ حکام اور ملوک اس کے تابع ہوں۔ تو ان کے لیے یہ نقش کسی نعمت سے کم نہیں۔ خلائق کے دلوں میں اس کی ہیبت ہوگی۔ اور کل مخلوقات اس کی عزت کرے گی۔

نقش تحریر کرنے سے پہلے یہ گوش گزارش کرنا چاہوں گی۔ کہ اکثر لوگ یہ سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں کہ ساعت زہرہ کب شروع ہو کر کب ختم ہوتی ہے۔ تو جمعۃ المبارک میں جب سورج طلوع ہوتا ہے اس وقت ساعت شروع ہوتی ہے اور تقریباً پونا گھنٹہ رہتی ہے۔

دوسری ساعت تقریباً 1:10 سے شروع ہو کر 2:27 تک رہتی ہے۔ اور تیسری ساعت 8:43 سے 9:35 تک رہتی ہے۔ چونکہ وقت بدلتا رہتا ہے۔ تاہم وقت ساعت میں بھی کمی و بیشی ہوتی رہتی ہے۔ تاہم ساعت زہرہ اسی عرصہ میں ہوتی ہے۔



نقش کی تیاری میں پاکیزگی اور طہارت لازم و ملزوم ہے۔ صرف جسم اور کپڑوں کی صفائی ضروری نہیں۔ بلکہ نفس اور روح کی پاکیزگی بھی ضروری ہے۔

جب حق تعالیٰ کا حکم قلم کو ہوا کہ جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے لکھ۔ قلم نے سر لوح پر لکھا اس سے ایک نقطہ نور کا ٹپکا وہ الف کی صورت میں ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ نے حرف الف کو سب سے پہلے بنایا اور اسی کو مقدم کیا۔

(ب) یہ دوسرا حرف ہے۔ عدد اس کے دو ہیں۔ جب رب تعالیٰ نے ''ب'' کو پیدا کیا۔ تو اس کے ساتھ ہی اکٹھ فرشتے پیدا کیے اور وہ فرشتے حق تعالیٰ کی حمد و ثناء قیامت تک کرتے رہیں گے۔ یہ حرف بڑی برکت کا ہے۔ کیونکہ بسم اللہ میں اول یہی ہے اور بسم اللہ سے بھی بڑی برکت کی چیز۔ جو کوئی اس حرف کو ہر روز صبح کو ساٹھ مرتبہ پڑھا کرے۔ صاحب کرامت ہو جائے گا۔ اور جو لڑکا بولتا نہ ہو یا پھر ہکلاتا ہو اس حرف کو کاغذ پر ساٹھ مرتبہ لکھ کر پلائے۔ لڑکا بولنے لگے گا اور فصیح اللسان ہو جائے گا۔

استفادہ حاصل کرنے کے بعد میرے اور بانی رسالہ روحانیت کے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔

کرشمات الارواح

تسخیر ملکہ زہرالخاطف


از تحریر: رانا ناصر علی (جھنگ صدر)

محترم قارئین کرام! اس دفعہ تسخیر زہرالخاطف کا نادر و نایاب عمل حاضر خدمت ہے۔ یہ عمل سو فیصد درست ہے جو کوئی بھی اس عمل کو کرے گا وہ ضرور کامیاب ہوگا۔ مختی و مستقل مزاج احباب کیلئے یہ عمل کرنا کوئی مشکل نہیں ہے۔ میرا بہت سے ایسے اشخاص سے واسطہ پڑا ہے جو کہتے ہیں کہ ہمیں بیس پچیس سال ہوگئے ہیں ایسے عملیات کرتے پر کوئی حاضری نہیں ہوئی۔ فلاں عمل کیا ناکامی ہوئی اصل میں یہ وہ اشخاص ہوتے ہیں جنہوں نے کبھی شرائط عملیات کے ساتھ عمل کو کیا ہی نہیں ہوتا۔ پرہیز میں لاپرواہی نماز کی پابندی نہ کرنا رات کو عمل کرنا اور دن کو جھوٹ بولنا یا بلاوجہ گھومنا پھرنا ایسے بہت سے عوامل ہیں جن کو وہ پورا نہیں کرتے نتیجہ عمل کمزور پڑ جاتا ہے اور ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے۔

قارئین کرام! اگر کسی ایک عمل کو خوب محنت اور قواعد عملیات کا خیال رکھ کر کیا جائے جو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ آپ کو ناکامی ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات کسی کو مایوس نہیں کرتی اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے اور سب چیزیں اللہ تعالیٰ نے انسان کے تابع کر دی ہیں خدا پاک کے کلام پاک کی سریع الاثر تاثیر سے کس کو انکار ہے۔ خدا کے نام کی برکت اور قوت سے آپ دونوں جہان کی برکات حاصل کر سکتے ہیں دنیا میں کونسا کام ہے جو اللہ کے نام کے بغیر ہے اگر ہے تو غیر ہے۔ ذات باری تعالیٰ کے مخفی خزائن جنہیں ہر ایک انسان نہیں جان سکتا ایسے ایسے جو اگر معلوم ہو جائیں تو کیا کچھ نہیں ہو سکتا۔ اسم اعظم ہی کی برکت تھی جو ایک بندہ حق نے بلقیس شہزادی کا تخت حضرت سلیمان کے سامنے آنکھ جھپکنے سے پہلے لا دیا لہذا عشق الٰہی کریں اور پھر دیکھیں کہ کامیابی کیسے آپ کا مقدر بنے گی۔

قارئین کرام ملکہ زہرالخاطف بہت سے مخفی علوم پر حاوی ہے اس عمل کا عامل دنیا میں خوش وخرم زندگی گزارتا ہے۔ کیونکہ اس عمل کو کرنے کے بعد کسی بھی دوسرے عمل کو کرنے کی حاجت باقی نہیں رہتی ہے۔ ملکہ زہرالخاطف مسخر ہونے کے بعد آپ کے ہر دنیاوی امور میں آپ کی معاونت کیا کرے گی اگر یہ آپ سے خوش ہوگئی تو آپ کو نہایت خاص الخاص مخفی علوم بھی سکھایا کرے گی یہ ملکہ زہرالخاطف دنیا کا ہر کام پلک جھپکنے سے پہلے کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں اس کی خادمائیں ہوتی ہیں حب بغض غائب کی واپسی کاروبار کی بندش رشتوں کی بندش وغیرہ سب ختم کرتی ہے۔ ہر بیماری کا علاج بھی بتاتی ہے دریافت کرنے پر پرائز بانڈ و دیگر انعامی لاٹریوں کے شرطیہ نمبرز بھی بتاتی ہے۔ اس عمل میں کوئی شرط نہیں ہے۔ شادی شدہ وغیر شادی شدہ دونوں اشخاص کر سکتے ہیں کیونکہ یہ ملکہ آپ کی بہترین دوست بن کر رہے گی اس کو اپنے تابع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ عمل سے ایک دن قبل یا بُدُّوحُ یا مسخرُ کو سات ہزار دفعہ پڑھیں اور عمل کو نوچندی جمعرات یا اتوار سے شروع کریں علیحدہ کمرہ جو کہ پاک صاف ہو عمل کیلئے منتخب کریں اور سات روز تک اس کمرہ میں خلوت اختیار کریں پرہیز ہر قسم کا گوشت اور بدبودار اشیاء کا کریں ایک عدد چنبیلی کا چراغ دوران عمل روشن کیا کریں اور عمل کو ہر نماز کے 72 مرتبہ پڑھا کریں باحصار پڑھنا ہے اور دوران عمل بخور تفاح الملوک اور صندل مصطگی ولوبان کا روشن کیا کریں۔ سات روز تک اسی طرح عمل کیا کریں دوران عمل مختلف مشاہدات سے واسطہ پڑ سکتا ہے لیکن آپ نے گھبرانا نہیں کوئی نقصان آپ کا ہرگز نہ ہوگا۔ ساتویں رات جب آپ کا عمل ختم ہوگا تو ملکہ زہرالخاطف آپ کے سامنے بالمشافہ حاضر ہوگی جس کا چہرہ نہایت حسین و جمیل ہوگا حد درجہ گورا رنگ ہوگا خوبصورت لباس جو کہ زیورات سے لدا پھدا ہوگا پہنے ہوئے آئے گی اور آپ سے پوچھے گی کے مجھے کیوں بلایا ہے تو اس وقت آپ اس سے معاہدہ کریں اور وہ تمام کام جو آپ لینا چاہتے ہیں معاہدہ میں طے کر لیں اگر روزینہ مقرر کروانا ہے تو وہ بھی طے کر لیں اور طریقہ حاضری ضرور پوچھ لیں اس کے بعد اسے احترام سے رخصت کر دیں۔ اس کے بعد جب بھی کبھی کوئی مشکل کام لینا ہو تو اس کے بتائے ہوئے طریقہ پر اسے حاضر کریں فوراً حاضر ہوگی اور آناً فاناً میں کام کرے گی عمل کا راز کسی پر بھی ہرگز ظاہر نہ کریں اور نہ ہی چھوٹے چھوٹے کام کے لیے اسے بار بار طلب کریں۔ ایک نقش بھی میں تحریر کر رہا ہوں اس کو رات کو سوتے وقت اپنے سر کے نیچے رکھیں اس سے آپ حفاظت میں رہیں گے میں نے پوری تفصیل لکھ دی ہے آخر میں اتنا عرض کرتا چلوں کے اس عمل کو بغیر اجازت ہرگز نہ کریں کیونکہ بغیر اجازت عمل کرنے سے ناکامی کے ساتھ ساتھ سخت رجعت کا اندیشہ ہے۔ لہذا اس عمل کی اجازت محترم قبلہ جناب ماہر روحانیات ایاز مزمل صاحب سے ضرور لیں اور محترم ایاز مزمل صاحب اور میرے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔

دَعُوْشِ دَعُوْشِ فَيُوْشِ فَيُوْشِ قَمْرُوْشِ قَمْرُوْشِ
فَيُوْشِ فَيُوْشِ مَارَشِ مَارَشِ فَارَشِ فَارَشِ طَرُوْشِ
طَرُوْشِ اَجِيْبِنِيْ وَاُخْضَرِيْ يَامَلَكَةِ زُهْرَ الخَاطِفِ
وَشَمِّي بِخُورِيْ وَاَخُذْ مِينِي فِي كُلِّ مَااُرِيْدُهُ
مِنْكَ بِحَقِ الْمَلِكَ الْخَالِبُ اَمْرُهُ عَلَيْكَ
شَمْطَيائِيلُ اُخْضَرِيْ وَاَسْرِي هَوَائِيلُ طيوشِ
تَرُوشِ كَرُوْشِ لَيُوْشِ هُوشِ شَرْهُوْشِ اَمْلِيخِ
تَمْلِيخ اَشْنَمْلِيخ بَرْيَخ مَااَعْظَمَ سُلْطَانَ اللهِ
مَاعَظَمَ هٰذا الا سَماءِ اَجِيْبِنِيْ وَاُخْضَرِيْ بِيْن
يَدِيْ عَاجِلاً اَيَّتُهَا الْمَلِكَةِ الرُّوْحَانِيةِ وَاوُهَ دِهَا هَرْ
قَشِ خَاطِفْ وَبِحَقِ الاَسَمَ الَّذِيْ اَنْتَ بِالْجِنِ
طَائِعِيْنِ وَاَطَاعَتِ الْحَضُوْرِ الْحُضُوْرِ الظَّهُوْرِ
اَلْظَهُوْرِ بُوْرِكَ اللهِ فِيْكَ وَعَلَيْكَ اَلْوَحَا



آپکی تجویز

سالانہ مزمل روحانی جنتری اور روحانی ماہنامہ "تحفہ روحانیات" بلاشبہ شائقین روحانیات کا بے حد پسندیدہ جنتری اور ماہنامہ ہے ہمیں اسے مزید بہتر بنانے کے لئے آپکی تجاویز کی اشد ضرورت ہے قارئین کرام کوئی تجویز یا تحریر بھیجنا چاہیں تو اس ایڈریس پر تحریری رابطہ کریں

پی او بکس 36 ملتان

کرشماتی لوح

- زحل کی ساڑھ ستی سے نجات
- دیگر سیارگان کی نحوست زائل
- انعامی اسکیموں میں فوری کامیابی
- کاروباری بندش کا خاتمہ
- قرض کی ادائیگی
- روزگار میں وسعت
- افسران بالا کی تسخیر
- ملازمت میں ترقی
- من پسند عہدے کا حصول
- حصول اولاد
- مقدمات میں کامیابی
- بیرون ملک سفر کی رکاوٹ دور

ہدیہ عام کرشماتی لوح:۔ 1100 روپے

ہدیہ خاص کرشماتی لوح:۔ 2100 روپے

منی آرڈر اس ایڈریس پر کریں۔

ادارہ روحانیات' نزد عزیز ہوٹل چوک' ملتان

0300-6351192

مجربات قریشی

از تحریر:
ایم مصدق قریشی ایم اے
(ایبٹ آباد)

اٹھرا۔ (قائم حمل کا عمل)

جمعرات کے دن روزہ رکھے رات کو نماز عشاء کے بعد چالیس مرتبہ زعفران اور کاھی کے قلم سے سفید کاغذ پر لکھ کر دونوں میاں بیوی 40 یوم پئیں۔

انشاءاللہ حمل قائم ہوگا۔ اگر حاملہ عورت پیئے تو اسقاط نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یھحص علے علے علے طہ لہ لہ کھیعص کھیعص کھیعص حمعسق حمعسق ھو ھو اللہ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علے خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین۔

اٹھرا کا عمل۔

جس کو کسی وجہ سے اسقاط حمل ہو کسی بھی رنگ کے 21 تار دھاگہ لیں ایک بار پڑھ کر درمیان میں گرہ لگائیں۔ پھر دائیں طرف دائیں ہاتھ سے شروع کریں 4 گرہ لگائیں پھر بائیں ہاتھ سے شروع کریں 4 گرہ لگائیں۔ ٹوٹل 9 گرہ ہوگئیں چاندی میں باندکر ناف پر بندھوائیں۔ بچہ پیدا ہونے پر بچے کو نہلا کر بچہ کے گلے میں ڈلوادیں۔

آیت ذیل ہے۔ (**المونی ایل اللہ الا مرجمیعاً**)

حمل و بچہ محفوظ رکھنے کا عمل۔

جس عورت کا بچہ پیدا ہو کر مرجاتے ہوں۔ یا حمل ساقط ہو جاتا ہو۔ نیلے سوتر کے 41 دھاگے پیر کے انگوٹھے سے پیشانی تک ناپ لیں۔ پھر ان دھاگوں میں ایک بار سورۃ والسماء والطارق پڑھیں گرہ لگائیں۔ اس طرح 41 بار سورہ پڑھیں۔ 41 گرہ لگائیں کر سے باندھ لیں۔ جب حمل 2 ماہ کا ہو۔ زچگی کے بعد بچے کے گلے میں اسے نہلا کر ڈال دیں۔

کسی کو اپنے اوپر مہربان کرنے کا عمل۔

یہ عمل جناب قادری صاحب کا ہے میں نے اسے آزمایا اور بہت ہی مجرب پایا۔

اس عمل جائز مقصد کیلئے استعمال کریں غلط کرنے والا اپنے نفع ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

عمل ذیل ہے۔

بعد از نماز فجر بالقور مطلوب کے ان کلمات کو 111 بار بلا ناغہ 11 دن پڑھیں۔ پڑھنے کی جگہ اور وقت ایک ہو۔ اور اول آخر 11+11 بار درود شریف ضرور پڑھیں انشاءاللہ بفضل خدا جس کے لئے بھی کریں وہ انشاءاللہ ایسا مہربان ہوگا کہ آپ حیران رہ جائیں گے

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا رفیق نجنی من کل فیق۔

جو بھی اس عمل سے استفادہ حاصل کرے وہ بندہ کیلئے اور قادری صاحب کیلئے دعا گو ہو۔

دکان کے کاروبار میں برکت کیلئے عمل۔

عمل قادری مجرب ہے اور میرا آزمایا ہوا ہے۔ جسے بھی کرنے کیلئے دیا اس کے کاروبار میں بہت برکت ہوگی۔ پانچ نلکوں کا پانی لے کر اس عمل کو 211 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اول آخر 5+5 بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

پہلے دکان کی صفائی اچھی طرح کرلیں۔ پھر اس دم شدہ پانی کو دوکان میں چھڑکیں۔ انشاءاللہ بفضل خدا دکان خوب چلے گی۔ گاہک کثرت سے آئیں گے اور کاروبار میں برکت ہوگی۔ (انشاءاللہ)

آیت ذیل ہے۔

ببسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا رزاق ترزقت بالرزق والرزق فی رزق رزقک یا رزاق۔

فراخی رزق کا ایک عجیب عمل

عمل ذیل ہے۔ اپنے والدین کے قدموں کو چھو کر روز صبح وشام اپنے چہرے پر ہاتھ ملیں۔ اگر والدین وفات پا چکے ہیں تو صبح وشام ان کی قبر پر جاکر فاتحہ پڑھنے کے بعد چہرے پر ہاتھ ملیں۔ اگر قبر دور یا دوسرے شہر میں ہو تو گھر میں ہی ان کیلئے فاتحہ پڑھ کر چہرے پر ہاتھ ملیں میرا تجربہ شدہ عمل کریں۔ انشاءاللہ بفضل خدا اس عمل سے رزق میں بہت برکت ہوگی ہر طرح کی بندش ختم ہوگی۔ آزمائش شرط ہے۔

بیوی زبان دراز اگر ہو تو یہ عمل کریں۔

اگر بیوی زبان دراز ہوگی ہو تو اور گھر میں جھگڑا فساد کرتی ہو اور شوہر کا کہنا نہ مانے تو یہ عمل اس طرح کریں۔ اس عورت کے سات بال لے لیں ان کو سات گرہ لگائیں مگر ہر گرہ پر 72 بار یہ عمل پڑھ کر دم کر کے گرہ لگائیں۔

بقیہ صفحہ نمبر 40

فیوض العملیات

تسخیر لچھیا دیوی

تحریر قسور حسین (میلسی)

قارئین تحفہ روحانیات! میں ان قارئین کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری میں مضامین پڑھ کر مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھا اور میرے دیئے گئے مضامین سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ اس سلسلے میں کئی دوستوں نے ادارے کے ذریعے مجھے محبت اور خلوص کے پیغامات بھی بھجوائے۔ میں ان تمام پیغامات بھجوانے والے قارئین کرام کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے میری حوصلہ افزائی کی اور مکتبہ روحانیات کی مکمل ٹیم اور چیف ایڈیٹر" ماہنامہ تحفہ روحانیات" محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھا۔

عملیات کی دنیا میں تسخیرات ارواح کا شعبہ نہایت اہم ہے۔ اس کی تسخیر کے بغیر عامل، عامل کہلانے کے قابل نہیں ہے۔ اعمال کی تسخیر اپنی جگہ رکھتی ہے۔ لیکن جو بات تسخیرات ارواح میں ہیں۔ وہ عام عملیات میں نہیں ہے۔ جن عاملوں نے صرف اعمال کی زکاتیں نکالی ہیں ان کو اپنے ذاتی کاموں میں بجھی روتے دنا کام دیکھا ہے۔ عوام الناس کی نظر میں چاہے وہ بڑے صاحب علم ہوں لیکن اپنی نظروں میں ان کا حال نہایت کمزور رہے۔ لیکن وہ لوگ جنہوں نے اپنی زندگی میں کسی دیوی ہمزاد جناب یا کسی بھی ارواح کی تسخیر کی ہے وہ عملیات کی دنیا سے صحیح طور پر لطف اندوز ہوئے ہیں۔ اور انہوں نے اپنی زندگی حکیمانہ طور پر گزاری ہے۔ کیونکہ کوئی بھی حاضری ہو وہ سارے کام کرتی ہے۔ مثلاً الامراض سحر جادو عام عملیات میں ہر چیز کا علیحدہ علیحدہ چلہ کرنا پڑتا ہے لیکن پھر بھی وہ بات نظر نہیں آتی جو حاضرات تسخیرات جس قسم کی بھی ہوں ان کو کرنے سے پہلے عامل کو یکسوئی قوت ارادی کی مشق لازمی کرنا چاہے تاکہ وہ اپنے عمل کو عمل میں ڈوب کر ادا کر سکے۔ اگر وہ کامل یکسوئی سے عمل کو ادا نہیں کر سکتا تو پھر اسے کئی کئی چلے کرنا پڑتے ہیں تب جا کر اسے کامیابی کی اُمید نظر آتی ہے۔ اس لئے کسی بھی عمل کو کرنے سے پہلے یکسوئی کی مشق لازماً کرلیں تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔ اب آتے ہیں عمل کی طرف تعداد عمل روزانہ 108 بار 40 دن تک کریں۔

لوازمات عمل:۔ پھول ہار گلاب چنبیلی یا موتیہ تیل کی شیشی سرمہ دانی جس میں سرمہ ہو سندور کنگھی مٹھائی ایک کورے رومال پر تھوڑے سے چنے بھونے ہوئے۔ تھوڑی سی گوگل اور لوبان روزانہ سلگاتے رہیں باقی سامان پڑھتے وقت ساتھ رکھیں۔ اور بعد از پڑھائی کسی جگہ اٹھا کر رکھ دے۔ روزانہ دوران پڑھائی کڑوے تیل کا چراغ جلائے اور بعد از چلہ جب بھی لچھیا کو بلاؤ مذکورہ سامان اسے دے اور کام کا کہہ دے تو کام ہو جائے گا مگر اس کو اپنی عورت بنانے کی خواہش نہ کرنا ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔ ہر کام پر مذکورہ سامان دیں۔ اگر وہ خود عورت بننے کی خواہش ظاہر کرے تو نقصان نہیں۔ تمام کام کرے گی خصوصاً محبت کے کام بہت جلد کرتی ہے۔

منتر یہ ہے

کنکا صبر صبر آ کنکا ٹھنکا گرو نے یاد کیا
گرو کا کاج کیا' ہردلے بسے لچھیا
بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
(منتر حب لاجواب)

تعداد روزانہ: 108 بار

مدت عمل: 40 دن

لوازمات: 2 عدد پھول گلاب

یہ منتر دو عدد پھول گلاب پر 108 بار 40 دن پڑھنا ہے۔ عمل کی قبولیت کی

بقیہ صفحہ نمبر 40

نام نکالنے کا قاعدہ

قاعدہ شیخ عبدالکریم الجلیلی

ماخوذ از:۔ روایات جلیلہ از غلام صابر شہیدی

یہ طریقہ نہایت ہی سادہ اور اعلیٰ ہے۔ جوابیہ حروف زائچے سے مستخرج ہوتے ہیں۔

اول زائچے کو تمام کریں۔ پھر ذیل کے دائرے میں دیکھیں کہ سائل کے نام کا سرحرف جس شکل کا ہو وہ شکل اگر زائچے میں ہے تو وہیں سے امہات لیں۔ اگر نہیں ہے تو اس کے خانہ تسکین سے امہات لیں۔ نیا زائچہ لگائیں۔ (اگر سائل کا نام معلوم نہ ہو تو عناصر کے (طالع کے) مرتبہ سے حرف لیں۔

۱۶ ۱۵ ۱۴ ۱۳ ۱۲ ۱۱ ۱۰ ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱


اس نئے زائچے کی متولدات سے جوابات اخذ کریں۔ معمولی تقدیم و تاخیر جائز ہے۔ (ایزادی طور پر عناصری حروف بھی جائز ہیں)

امثال


دو امثال پیش خدمت ہیں۔

زائچہ اول میں سائل کا نام معلوم نہیں۔ پہلی شکل "1" نمبر (۱۶) عنصر آب کا حرف (۲) "ز" ہے "ز" کی شکل "" ہے۔ جو زائچے میں نہیں اس کا خانہ ہے "۷" اب اشکال ۷، ۸، ۹، ۱۰ کو امہات مان کر زائچہ لگایا۔

علم



علم



اس کی متولدات یہ ہیں۔


مستحصلہ:۔ ا ا ج ب

س ی ح د


الجواب:۔ س ا ج د

زائچہ دوم میں سائل کا نام تسکین حیدر ہے "ت" کی شکل "" ہے جو زائچے میں نہیں، خانہ "۶" مسکن ہے لہٰذا ۵، ۶، ۷، ۸، ۹ کو امہات بنا کر دوسرا زائچہ بنائیں۔

علم



علم



اشکال مستحصلہ:۔

مستحصلات:۔

الجواب:۔ چار ایک چھ

یہ عظیم قاعدہ علم الاخبار کی معروف فارسی کتاب روایات جلیلہ میں رمال و جفار حضرت شیخ عبدالکریم الجلیلی سے منسوب ہے۔ کتاب میں امثال عربی و فارسی میں حل تھیں ہم نے اردو میں حل کیا ہے۔

جدول مستحصلہ

۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ت	ب	ن	خ	ا	ث	ح	س	ل	ا	ی	ظ	ن	ب	ز	ر
ش	ق	د	ل	م	ا	ص	ض	ط	غ	ک	خ	ه	ذ	ق	غ

آپ کا اسم اعظم

تحریر از:۔ شوکت علی بزدار

بہنو بھائیوں بزرگو اور تحفہ روحانیات کے تمام قارئینوں کو میری طرف سے السلام علیکم!

لاکھ شکر اس پروردگار کے جس کے سایہ سے یہ دنیا چل رہی ہے۔ وہی ہمارے لئے روزانہ روزی کا بندوبست کرتا ہے' جس کی ذمہ داری ہے کہ ہر مخلوق کو روزی پہنچائے وہ ہی جو ہماری حفاظت ہر موڑ پر کرتا ہے۔

جس کا ہر اسم اعظم ''پر تاثیر'' طاقت رکھتا ہے۔ جو پتھر کو بھی ریزہ ریزہ کر دیتا ہے۔ صرف ہمارے ایمان کی طاقت ہونی چاہئے۔

ویسے تحفہ روحانیات کی ہر تحریر تحفہ سے کم نہیں مگر آج کی محفل میں مادہ پرست مایوس جو ہمیشہ ناکامی کا شکورہ کرتے رہتے ہیں ان افراد کے لیے نایاب تحفہ اسم اعظم کا لے کر حاضر ہوا ہوں جو میرے تجربے سے گزر چکا ہے۔

تمام افراد کو دعوت دیتا ہوں کہ اپنے اسم اعظم سے اپنی مشکلوں کا حل نکالیں بھلے کتنی بڑی مشکل کیوں نہ ہو مصرف عملیات کے قائدہ کا خیال کرتے ہوئے ان باتوں کا خیال رکھیں زبان سے جھوٹ نہ نکلے' زبان سے غیبت نہ نکلے' آنکھ گناہ نہ دیکھیں' کان گناہ کے الفاظ نہ سنیں' پیاس اور ایسی غذا جو منہ میں بدبو کرے اس کا استعمال نہیں کریں ایک ہی قسم روٹی حلال کی کمائی سے کھائے' ایسی جگہ استعمال کریں جہاں لوگوں کی آمدورفت کم ہو جو افراد یہ سب پرہیز کر سکتے ہیں ان افراد کی کامیابی کے لئے صرف میں اتنا کہہ سکتا ہوں کہ اگر کامیابی نہ ملے تو آخرت میں میرا گریبان اور آپ کے ہاتھ ہونگے۔

اب آیئے میں ''اسم اعظم'' کا طریقہ بتاتا ہوں۔

پہلے نام اپنے کے قصری اعداد نکالیں

مثال کے طور پر ایک نام فرمان علی جس کے ہم اعداد نکالیں گے۔

ف ر م ا ن ع ل ی

481=10+30+70+50+1+4+200+80

اس حساب سے ہم ایسا اسم اعظم چنیں گے جس کے اعداد بھی 481 ہوں اگر ایک اسم اعظم نہیں ملتا تو دو اسم اعظم ملا کر ہم اسم اعظم بنائیں گے مثال کے طور پر فرمان علی کا ایک اسم اعظم نہیں مل رہا تو ہم دو اسم ملا کر ''یا نا لک یا شافع'' بنائینگے میں نے کھول کر سمجھا دیا ہے پھر بھی کوئی بات یا اسم اعظم سمجھ میں نہ آئے تو ادارہ روحانیات سے ضرور معلومات اور اجازت حاصل کریں۔ آخر میں آپ سب سے عرض ہے کہ مجھ ناچیز کے لیے دعا اور دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں خداوند کریم ہم سب کی مشکلیں آسان فرمائے۔ صدقے اہل بیت کے۔

نقش وعمل ایلرجی

صدری مجرب

از تحریر:۔ علامہ مفتی طالب حسین کرمانی (چک مغل)

قارئین کرام! اس کے بیشمار فوائد ہیں مگر میں اس کے چند فوائد آپکی خدمتِ اقدس میں پیش کر رہا ہوں امید ہے کوضرورت مند دوست اس سے ضرور مستفید ہونگے۔

(1) بعض اوقات جس کے اندر کسی خاص دوائی دھواں، گرد، خوشبو یا خوراک کے کسی جزو کیلئے غیر معمولی حساسیت پیدا ہو جاتی ہے اس غیر معمولی حساسیت کو ایلرجی کہتے ہیں جب مریض ایسی چیز جس کیلئے اسے ایلرجی یعنی غیر معمولی حساسیت ہو کھائے یا سونگھے یا جسم کو لگائے اس کے جسم میں ایک غیر معمولی ردعمل پیدا ہوتا ہے اس غیر معمولی ردعمل کو ایلرجک ری ایکشن کہتے ہیں اس ردعمل میں مندرجہ ذیل علامات دیکھی جاسکتی ہیں (1) سانس گھٹتا ہے (2) دھپر پڑجاتے ہیں (3) چھینکیں آتی ہیں (4) آنکھوں سے اور ناک سے پانی چلنے لگتا ہے (5) سانس گھٹتا ہے (6) کھانسی آتی ہے (7) سانس رکتا ہے (8) دل گھٹتا ہے (9) بلڈ پریشر یک لخت گرجاتا ہے (10) نبض تیز ہو جاتی ہے (11) اگر ردعمل تیز اور شدید ہو تو سانس رک جانے اور بلڈ پریشر گرجانے سے بیہوش ہو کر موت واقع ہو سکتی ہے ایلرجک ری ایکشن تقریباً ہر قسم کی چیز سے ہو سکتا ہے اور کئی قسم کی بیماریاں ایلرجی کی وجہ سے ہوتی ہے عموماً ایسا ہوتا ہے کہ کوئی شخص عرصہ تک بے خوف وخطر کوئی دوا عرصہ سے استعمال کر رہا ہوتا ہے کہ اچانک کسی دن یک لخت ایلرجی اور اس کا ردعمل ظاہر ہو جاتا ہے پہلا ردعمل عام طور پر اتنا شدید نہیں ہوتا لیکن اگر دوبارہ وہی ایلرجی پیدا کرنے والی دوائی یا خوراک استعمال کی جائے تو ایلرجک ردعمل زیادہ شدید ہوتا ہے اور آئندہ یہ موقع پر شدید تر ہوتا جاتا ہے اس لئے ایسی دوائی یا خوراک یا خوشبو کو بند کر دینا چاہئے اور بھول کر بھی استعمال نہیں کرنا چاہئے بعض اوقات کسی خاص خضاب سے ایلرجی ہو جاتی ہے۔ اور جب وہی خضاب دوبارہ استعمال کیا جائے تو سارا سر پھول جاتا ہے پانی بہنے لگتا ہے خارش ہوتی ہے اور ایکزیما ہو جاتا ہے ٹیکوں کا ایلرجک ری ایکشن عموماً بہت شدید ہوتا ہے اور بعض اوقات علاج کی مہلت بھی نہیں ملتی اور مریض کے عموماً فوراً بیہوش ہو جانے سے موت واقع ہو سکتی ہے اس لئے ٹیکہ لگاتے وقت ایلرجک ری ایکشن کے علاج کے لئے مناسب ادویات پاس ہی موجود رہنی چاہئیں۔

علاج

(i) ایڈرینالین انجکشن فوری طور پر 1/4 سی سی کا ٹیکہ لگا کر ٹیکے کے مقام کو ملیں تاکہ دوائی جلد جزب ہو اگر مریض بیہوش ہو گیا ہو تو مصنوعی سانس دلانے کے لئے سینے کو بار بار دبائیں اور دوران خون کو تیز کرنے کیلئے جسم کو اور ٹانگوں کو ملیں دل کی حرکت شروع کرنے کیلئے پیٹ کو زور سے دبائیں ناک میں ایمونیم کاربونیٹ سونگھائیں اگر اثر ظاہر نہ ہو تو 1/4 سی سی ایڈرینالین کا ٹیکہ پھر پانچ منٹ کے وقفے پر لگائیں ایسی حالت میں ایڈرینالین کی زیادتی کا کوئی خطرہ نہیں ہوتا بلکہ مریض کی جان بچ جاتی ہے۔

(ii) اے ویل انجکشن 50 ملی گرام ایڈرینالین کے ساتھ ہی یہ ٹیکہ بھی لگائیں علامتیں برقرار رہیں تو پھر لگا دیں۔

(iii) بیٹنی سول انجکشن اگر ری ایکشن سخت ہو تو یہ ٹیکہ بھی لگا دیں اسے بھی دہرایا جاسکتا ہے۔

(iv) کوراہن انجکشن (نکتھے مائیڈ) کولپس روکنے کیلئے یہ ٹیکہ بھی حسب ضرورت لگائیں۔

(v) جب مریض ہوش میں آجائے تو پرسٹی مولینٹ پکچر ایک خوراک پلائیں اور پری ٹن کی گولی ہر تین گھنٹے بعد کھانے کو دیں سب سے ضروری دوائی اس علاج میں ایڈرینالین کا انجکشن ہوتی ہے۔ جس کو بس منٹ بعد 1/4 سی سی مقدار میں لگائیں اگر شدید ردعمل میں شروع ہیں فوری طور پر ایڈرینالین کا ٹیکہ نہ لگایا جاسکے تو پھر مریض کی جان بچانی انتہائی مشکل ہو جاتی ہے۔

نقش وعمل

ایلرجی والے کو یہ عمل ایک سو ایک بار روزانہ سات مساجد کے پانیوں پر پڑھ کر پلائیں اور اس نقش کو لکھ کر دیں مرد ہے تو موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے اگر عورت ہے تو گلے میں لٹکائے (انشاء اللہ) ایلرجی سے فوراً شفا ہو گی۔

عمل:۔ **یا یھا النمل دخلوا مسکنکم لا یحطمنکم سلیمن وجنودہ وھم لا یشقرون**

ترجمہ:۔ اے چیونٹیو! اپنے گھروں میں داخل ہو جاؤ تمہیں کچل نہ ڈالیں سلیمان اور ان کے لشکر بے خبری میں کنز الایمان پ 19 سورۃ النمل آیت 18 ہند سے چال کیلئے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انمل ۲	وجنودہ ۷	سلیمن ۶
لایشعرون ۹	لالحطمنکم ۵	یایھا ۱
مسکنکم ۴	ادخلوا ۳	وھم ۸

الٰھی بحرمت این نقش مکرم معظم این فلاں بن یا بنت فلاں صحت بخش ایلرجی دفع شود کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چہ کند

ایلرجک زکام

یہ زکام ایلرجی کی وجہ سے ہوتا ہے ایلرجی عام طور پر گرد و غبار کی وجہ سے ہوتی ہے بعض لوگوں کو خوراک کے کسی جز و کی ایلرجی بھی ہو سکتی ہے اس زکام کی پہچان یہ ہے کہ یہ اچانک شروع ہوتا ہے اچانک بیشمار چھینکیں آنے لگتی ہیں ناک میں کھجلی اٹھتی ہے اور پتلا پانی بہنے لگتا ہے اس کے بعد زکام کی باقی علامات شروع ہو جاتی ہیں ایلرجک زکام اکثر بار بار ہوتا رہتا ہے جب تک ایلرجی پیدا کرنے والی چیز سے چھٹکارا حاصل نہ ہو زکام پیچھا نہیں چھوڑتا اگر مخصوص گرد و غبار یا آب و ہوا یا خوراک اس کا باعث بن رہی ہو تو اسے تبدیل کر دینا چاہئے یعنی وہ خوراک یا وہ علاقہ یا وہ پیشہ چھوڑ دینا چاہئے۔

علاج:۔(i) اسٹی ڈال (میب ہائیڈرولین) گولیاں انجکشن ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام۔

(ii) نی نوکس نیزل ڈراپس۔ ناک اگر بند یعنی بلاک ہوتا ہو تو ناک میں لیٹ کر دونوں طرف ڈلوائیں۔

(iii) ایکٹی فیڈ ڈی ایم گولیاں ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام۔

(iv) اریتھروسن گولیاں 500 ملی گرام ایک گولی صبح ایک شام اگر بہت بخار معلوم ہوتا ہو۔

(v) کان ٹیک کیپسول۔ ایک صبح ایک شام اگر ناک بار بار بہتی ہو اور چھینکیں تنگ کرتی ہوں۔

(vi) ایڈاریک گولیاں۔ اگر سر میں درد بھی پریشان کرے دو ایک گولیاں دن میں دو تین دفعہ۔

ناک بند ہونا

ناک اکثر زکام کی وجہ سے بند ہوتی ہے بار بار زکام لگنے یا ناک میں ایلرجی کی وجہ سے پانی پانی ہو جانے سے بھی ناک بند ہو جاتی ہے ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہونے سے زکام زیادہ لگتا ہے اور ناک بند رہنے لگتی ہے ایڈی نائیڈز کی وجہ سے بھی ناک بند ہو جاتی ہے چھوٹے بچے ناک بند ہونے کی وجہ سے دودھ نہیں پیتے نیند نہیں کرتے بار بار کروٹیں بدلتے ہیں اور اوپر سے کپڑا اتار دیتے ہیں۔

علاج

ویزی لاکس نیزل ڈراپس یہ قطرے ناک کھولنے کیلئے ناک میں ڈالیں یہ چھوٹے بچوں میں بھی استعمال کئے جا سکتے ہیں بڑوں میں نی نوکس (فینائل ایفرین) ڈراپس بہتر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یایھا	انمل	ادخلوا	مسکنکم
مسکنکم	ادخلوا	انمل	یایھا
انمل	یایھا	مسکنکم	ادخلوا
ادخلوا	مسکنکم	یایھا	انمل

جلدی بیماریاں

جلدی بیماریوں کی مختلف وجوہات ہوتی ہیں بعض بیماریاں جراثیمی چھوت کی وجہ سے ہوتی ہیں مثلاً پھنسیاں، پھوڑے اور امپے ٹائیگو وغیرہ بعض بیماریاں مختلف قسم کی پھپھوندیوں کی چھوت کی وجہ سے ہوتی ہیں مثلاً داد، دھدر یعنی رنگ ورم وغیرہ کئی بیماریاں ایلرجی کی وجہ سے ہوتی ہیں جن میں مشہور معروف بیماری ایگزیما یعنی چھاجن کی مثال پیش کی جا سکتی ہے کئی جلدی امراض ایسے بھی ہیں جن کی وجہ ابھی تک معلوم نہیں کی جا سکی مثلاً چنبل یعنی سورائے سز، برص وغیرہ اب ان میں سے مشہور جلدی امراض کا علیحدہ علیحدہ میں ذکر کروں گا۔

(i) امپے ٹائیگو

یہ ایک جلدی بیماری ہے جو کہ جراثیمی چھوت کی وجہ سے ہوتی ہے یہ جراثیمی سرایت عام طور پر سٹے فیلو کا کائی جراثیموں کی وجہ سے ہوتی ہے پہلے جلد سرخ اور متورم ہو جاتی ہے پھر چھوٹے چھوٹے چھالے بنتے ہیں جن سے پانی یا پیپ نکل کر جمتا رہتا ہے اور چھلکا سا بن جاتا ہے۔ جہاں جہاں گندا پانی لگتا ہے جلد خراب ہوتی جاتی ہے چھوٹے بچوں کی یہ بیماری زیادہ تر منہ سر اور گردن پر ہوتی ہے اس بیماری میں جلد دکھتی ہے اور بعض ہلکا یا تیز بخار بھی ہو جاتا ہے ملحقہ غدود عموماً متورم ہو جاتے ہیں۔

علاج

(i) ڈرمو ویٹ این این مرہم، صبح دوپہر شام مقامی طور پر دن میں تین دفعہ لگائیں یا جنشن وائیلیٹ ایک فی صد مقامی طور پر لگائیں۔

(ii) سلفاڈایازین 2 گولیاں ہر چھ گھنٹے بعد بچوں کو حسب عمر کم اس بیماری کو بھی اوپر والے نقش و عمل استعمال فرمائیں انشاء اللہ ایلرجی شفاء ہو گی۔

مختلف جسمانی بیماریوں کا قرآن سے علاج

جنات و شیاطین

از تحریر: ڈاکٹر عبدالرئوف نقشبندی مجددی (راولپنڈی)

مرگی صرع کا علاج :۔

یہ دماغی تشنجی کا مرض ہے۔ جس میں مریض کو دورہ پڑتا ہے اور بے ہوش ہو جاتا ہے۔ اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں عضوی (یعنی جسمانی) اور روحانی۔ عضوی صورت دماغی خلیوں میں کسی نوعیت کا فساد پیدا ہونے سے واقع ہوتی ہے اور روحانی صورت میں جنات و شیاطین کے مسلط ہونے کے اثرات سے ہوتی ہے۔ (اس سے قبل اس مرض کی تحقیق اور فصیل گزر چکی ہے) قدیم وجدید طب میں اس مرض کا سبب اور علاج حتمی طور پر دریافت نہیں ہوسکا ہے۔

مرگی کا مریض بے ہوش ہو جاتا ہے اس وقت مریض کے دائیں کان میں پوری اذان اور بائیں کان میں اقامت سات بار کہیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا، سورۃ سجدہ پارہ نمبر 21 کو لکھ کر گلے میں ڈالیں فائدہ ہوگا۔

جس شخص کو مرگی ہو وہ اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ دفع آیت الکرسی ہر روز پڑھا کرے اللہ کے حکم سے فائدہ ہوگا۔

سورۃ تحریم پارہ نمبر 28 پوری سورۃ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں شفاء ہوگی۔

سورۃ الفاتحہ۔ آیت الکرسی اور سورۃ جن کی شروع کی پانچ پانچ آیات پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے منہ پر اس پانی کے چھینٹے ماریں اللہ کے حکم سے فائدہ ہوگا۔

ذیل کی آیات لکھ کر آب زم زم میں گھول کر پلائیں اور اسی آیات کو سفید کاغذ پر لکھ کر تعویز بنا کر مریض کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ مرض آہستہ آہستہ بالکل ختم ہوجائے گا۔

ماخلقكم ولا بعثكم الا كنفس واحدة ان الله سميع بصير (لقمان 28)

سورۃ اذا جاء نصر اللہ والفتح پارہ نمبر 30 پوری سورۃ 21 بار پڑھ کر جوتن پر دم کریں اور اس کو مریض کی چار پائی کے پایہ سے باندھ دیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

حروف مقطعات (**بسم الله الرحمن الرحيم**، **آلمٓ**، **آلرٓ**، **آلمرٓ**، **آلمٓصٓ**، **طٰهٰ**، **طسٓمٓ**، **طسٓ**، **كهيعص**، **يٰس**، **والقران الحكيم**، **حمٓ**، **حمٓعسٓق**، **نٓ**، **قٓ**، **صٓ والقلم وما يسطرون**) یہ حروف پڑھ کر مریض کے کان میں دم کر دیں اللہ کے حکم سے پہلی بار دم سے افاقہ ہوگا ورنہ دو یا تین دفعہ اسی طرح دم کریں **یا محیط** لکھ کر مریض کے گلے میں تعویز لکھ کر ڈالیں فائدہ ہوگا۔

بے خوابی کا علاج

بے خوابی کا مرض مختلف اخلاط کے فساد سے دماغ میں خشکی کے اثرات پیدا ہونے سے لاحق ہوتا ہے۔

سوتے وقت یہ آیت سات مرتبہ پڑھ لی جائے اللہ کے حکم سے نیند طبعی طور پر آجائے گی۔

افا من اهل القرى ان يا تيهم باسنا بياتا وهم نائمون - افا من اهل القرى ان ياتيهم باسنا فحي وهم يلعبون -

یا حی یا قیوم کثرت سے پڑھنا بے خوابی کو دور کرتا ہے۔

سورۃ الانبیا پارہ نمبر 17 لکھ کر اس شخص کے گلے میں ڈال دیں جس کی نیند بیماری یا کسی خوف وفکر کی وجہ سے جاتی رہی اللہ کے حکم سے خوب نیند آئے گی۔

لیٹتے وقت آیت کریمہ **لا اله الا انت سبحانك انى كنت من الظالمين** گن کر چالیس مرتبہ پڑھنا باعث برکت اور بہت زیادہ نیند آئے گی۔

سوتے وقت **ان الله وملئكته يعلمون على النبى يا ايها الذين آمنو صلو عليه وسلموا تسليما** گیارہ دفع پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ خوب نیند آئے گی۔

سرسام کا علاج

سرسام ایک ورم ہے جو دماغ کی دو جھلیوں میں سے کسی ایک میں یا دونوں جھلیوں میں یک بارگی یا خاص دماغ بھیجہ میں یا دماغ کی جھلیوں میں ایک ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ خواہ ورم گرم ہو یا سرد۔ زیادہ تر سرسام گرم ہی وقوع پذیر ہوتا ہے۔

سرسام کے مریض سر میں یہ آیت لکھ کر باندھی جائے اور بارش کے پانی پر دم کر کے مریض کو پلائی جائے وہ آیت ہے۔ **قالو حرقوه**

بقیہ صفحہ نمبر 40

سلسلہ وار زندگی کی لکیر

از تحریر:۔ ندیم اشرف (سمندری)

دست شناسی کے حوالے سے یہ تصور بہت اہمیت رکھتا ہے کہ انسانی ہاتھ پر موجود لکیریں حامل کی زندگی کا حقیقی نقشہ ہوتی ہیں اور اس میں کوئی شک بھی نہیں ہے کیونکہ ان لکیروں کو پڑھ کر ہی کسی شخص کی زندگی کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

انسان کے ہاتھ پر تین بڑی لکیروں میں سے ایک اہم لکیر زندگی کی ہے اس کے مطالعہ سے اس دوران اس کا مقام آغاز' روش' نقطہ اختتام' رنگ' لمبائی اور چوڑائی کو عام طور پر زیر بحث لایا جاتا ہے کیونکہ ان کے معمولی سے تغیر سے ہی حالات بدلتے رہتے ہیں زندگی کی لکیر کا آغاز عام طور پر انگوٹھے اور شہادت کی انگلی جسے دست شناسی میں مشتری کی انگلی بھی کہا جاتا ہے کی درمیانی جگہ مشتری کے ابھار یا اس سے کچھ نیچے کے حصے سے ہوتا ہے۔

یہ لکیر قوس کی شکل بنا کر مریخ مثبت اور زہرہ کے ابھار کا احاطہ کرتی ہوئی کلائی پر جا کر ختم ہوتی ہے اس لکیر کے مطالعہ سے حاصل لکیر کی زندگی کے مختلف واقعات' حادثات' دینوی' عروج پیدائشی گھرانہ' ملکی اور غیر ملکی سفر صحت کا معیار ازدواجی تعلقات حسی رجحانات مختلف عادات وتبدیلیوں کے حوالے سے وقت کا تعین کیا جاتا ہے۔ کہ کون سا واقعہ عمر کے کس حصے میں پیش آیا یا آئے گا اس ضمن میں ہاتھ کی ساخت کے اعتبار سے لکیروں پر مختلف نشان لگائے جاتے ہیں۔ گہری اور مضبوط قسم کی لکیر پر آٹھ جبکہ کم گہری اور کمزور لکیر پر چھ برابر حصوں میں تقسیم کر کے نشان لگائے جاتے ہیں اس طرح ہر حصہ دس سال کی زندگی کے احوال وواقعات بیان کرتا ہے ہر حصے کو اگر پھر دس حصوں میں تقسیم کر دیا جائے تو وہ ایک حصہ ایک سال کے عرصے کو ظاہر کرتا ہے مزید تفصیل میں جانے کیلئے ایک حصے کو مزید بارہ حصوں میں تقسیم کر کے ماہ بہ ماہ حالات سے واقفیت حاصل کی جاسکتی ہے

یہ یاد رہے کہ ایسے ممالک یا علاقے جہاں صحت کا عمومی معیار بہت زیادہ بلند ہو تو وہاں آٹھ سے بھی زیادہ نشان لگائے جاتے ہیں۔ ہر علاقے اور ہاتھ کی ساخت کے اعتبار سے ان نشانات کی تعداد میں کمی بھی کی جاسکتی ہے انتہائی گہری اور مضبوط لکیر پر زیادہ اور کم گہری اور سطحی سی لکیر پر چھ سے زیادہ نشانات نہیں لگانے چاہئیں۔

دست شناسی کے طالب علموں کو بعض اوقات ایسے بھی ہاتھ دیکھنے کو مل جاتے ہیں جن پر زندگی کی لکیر سرے سے موجود نہیں ہوتی اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہوتا کہ ایسے کسی شخص کی زندگی بہت تھوڑی ہے تاہم یہ کوئی اچھی علامت نہیں ہے کیونکہ ایسے لوگ عام طور پر بہت کم عضلاتی قوت کے مالک ہوتے ہیں مگر اپنی اعصابی قوت کے بل بوتے پر وہ زندہ رہتے ہیں مگر بہت زیادہ سوتے ہیں اور کسی معاملہ میں پرجوش نہیں ہوتے بلکہ سرد مہری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

زندگی کی لکیر کی عدم موجودگی سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ایسا شخص ہر وقت موت کے منہ میں کھڑا رہتا ہے نجانے کب اس میں گر جائے ایسے لوگ عموماً نازک طبع اور زود حس ہوتے ہیں۔ ہتھیلی پر اگر صرف اور صرف زندگی کی لکیر موجود نہ ہو جبکہ باقی لکیریں نا صرف موجود ہوں بلکہ گہری اور مضبوط ہوں تو پھر زندگی کے حوالے سے کوئی مثبت بات کہی جاسکتی ہے لیکن اگر باقی لکیریں بھی کمزور ہوں تو پھر ایسے شخص کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کی زندگی کم ہوگی مگر ایک بات یاد رکھنی چاہئے کہ ایسے شخص کو کبھی یہ نہیں بتانا چاہئے کہ اس کی زندگی تھوڑی ہے۔

بلکہ اس انداز سے مثبت رویہ اپنانا چاہئے بہتر یہی ہوتا ہے کہ ایسی صورت میں اس موضوع کی طرف آیا ہی نہ جائے اور بار بار پوچھنے پر بھی کچھ نہ بتایا جائے بلکہ اس بارے میں کم علمی کا مظاہرہ کیا جائے کیونکہ اگر بہت محتاط انداز سے بھی بتایا جائے کہ اس شخص کی عمر اتنے سال ہے اگر اس کی پیش گوئی دست ہو تو اس کی ساکھ مٹی میں مل جائے گی لیکن دست شناس اگر اس موضوع پر اپنی زبان بند رکھتا ہے یا کوئی مثبت مشورہ دیتا ہے تو ہر لحاظ سے اس کیلئے بہتر ثابت ہوتا ہے خواہ اس کا اندازہ غلط یا درست ثابت ہو۔

زندگی کی لکیر اگر زہرہ کے ابھار اور مریخ مثبت کے گرد ایک وسیع گھیرا بناتی ہے اور یہ لکیر بھی گہری اور مضبوط اور باریک مگر چمک دار نظر آئے تو ایسا شخص بہت زیادہ خوش قسمت ہوتا ہے۔

اس لکیر میں کسی بھی مقام پر شکست وریخت کے آثار نہیں آنے چاہئیں اور نہ ہی کسی جگہ سے ٹوٹی پھوٹی ہوئی دکھائی دے۔

ایسی صورت میں یہ عمدہ صحت اور مضبوط جسم اور بیماریوں سے محفوظ رہنے کی

علامت ہے اور طویل العمر ہونے کی بھی ہے بشرطیکہ ہتھیلی پر کسی بھی جگہ امراض وموت کے علامت نہیں ہو۔

عادات واطوار کے اعتبار سے ایسا انسان مل جل کر رہنے کو ترجیح دیتا ہے اور خاندان کے قریب رہنا پسند کرتا ہے اور خود بھی اور دوسروں کو بھی اچھی زندگی بسر کرنے کی تلقین کرتا ہے ایسے لوگوں میں جنسی اور جذباتی رجحانات بھی عام انسانوں سے زیادہ پائے جاتے ہیں اور کثیر الازدواج اور کثیر الاولاد ہوتے ہیں۔

اور یہ اپنی اولاد اور خاندان سے بے پناہ محبت کرتے ہیں اور ان کی خواہشات کی تکمیل کرتے ہیں۔

ایسی لکیر اگر کسی خاتون کے ہاتھ میں ہو تو وہ ایک اچھی گھریلو خاتون اور خاوند کی خدمت گزار ہوتی ہے اور وہ اپنے خاوند سے عقیدت کی آخری حد تک پیار کرتی ہے اور اپنی اولاد پر جان نچھاور کرتی ہے اس لکیر کی حامل خواتین میں خدا ترسی کی صلاحیت بدرجہ اتم موجود رہتی ہے اور کسی کا دل توڑنا سخت گناہ تصور کرتی ہے۔ خاندان کو جوڑ کر رکھنے والی خواتین کے ہاتھ پر ایسی لکیر موجود ہوتی ہے۔

زندگی کی لکیر کا آغاز

زندگی کی لکیر اگر کسی مرد کے ہاتھ پر تنگ اور ایک سادہ سا دائرہ بناتے ہوئے کمزور، کم گہری، کم مضبوط، غیر سطحی اور چمک سے خالی ہو تو ایسے شخص کے بارے میں کہا جا سکتا ہے کہ وہ قلیل العمر ہوگا اور جب تک زندہ رہے گا مختلف قسم کی بیماریوں سے دوچار رہے گا اس کے جسم پر کمزوری اور بیماری کے آثار رہتے ہیں اور مزاج میں چڑچڑا پن جس کی وجہ سے وہ گھر والوں رشتہ داروں سے بیزار رکھتا ہے ایسے لوگوں کی ازدواجی اور خانگی زندگی اچھی نہیں ہوتی۔

ایسی لکیر اگر کسی خاتون کے ہاتھ پر نظر آئے تو وہ خاتون جھگڑالو خشک مزاج اور تنگ نظر ہوتی ہے احساس نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی۔

ہر جگہ اور ہر کسی سے خودغرضی اور غیر اخلاقی رویوں کا مظاہرہ کرنا اس کی فطرت ہوتی ہے ایسی صورت عورت کا بچہ اگر زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہو تو وہ اسے زیادہ اہمیت نہیں دیتی ایسی لکیروں کے حامل مرد وزن اولاد کی نعمت سے محروم رہتے ہیں بلکہ بعض اوقات ازدواجی زندگی کا لطف بھی حاصل نہیں کر پاتے۔

زندگی کی لکیر میں شروع سے آخر تک اگر یکسانیت نہ پائی جائے یعنی وقفے وقفے سے مضبوط اور کمزور ہو تو ایسا شخص فطری طور پر غیر مستقل ہوتا ہے زندگی کے جس دور میں لکیر مضبوط اور گہری ہوتی ہے اس میں صحت کا معیار بلند رہتا اور کمزور لکیر کی صورت میں کم رہتا ہے اور حامل لکیر کی نہ کسی بیماری کا شکار ہو جاتی ہے۔

زندگی کی لکیر اور شروع میں مضبوط، باریک، گہری اور چمک دار ہو تو ایسا شخص پیدائش کے وقت سے ہی تندرست وتوانا رہتا ہے۔ لکیر کا ایسا آغاز ظاہر کرتا ہے کہ زچہ وبچہ دونوں بیماری سے محفوظ رکھتے ہیں۔

زندگی کی لکیر اگر مشتری کے ابھار سے ہو اپنے مقررہ اختتام کو پہنچے تو ایسا شخص قدرتی طور پر ذہین اور عقل مند ہوتا ہے۔

اس کی عادات واطوار سے لوگ شروع سے ہی کہتے ہیں کہ یہ بڑا ہو کر بڑا آدمی بنے گا وہ اپنے ہر کام کی بنیاد عام ڈگر سے ہٹ کر ڈالتا ہے اسے اپنی عزت نفس، مذہبی رسومات اور اخلاقی اقدار کا بہت پاس ہوتا ہے۔

ایسے لوگ سیاست میں اعلیٰ مقام اور نام کماتے ہیں یا کسی اور اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوتے ہیں اس کے برعکس اگر ایسی لکیر اگر کسی غریب بچے کے ہاتھ میں ہو تو وہ اپنی محنت اور لگن سے اپنے وقار میں اضافہ کرتا اور جھوٹی نمود و نمائش کو ناپسند کرتا ہے۔

کیونکہ وہ اپنی حیثیت سے بخوبی آگاہ ہوتے ہیں

زندگی کی لکیر کے آغاز میں اگر مخالف سمت جزیرہ کا نشان پایا جائے جزیرہ آنکھ سے مشابہت رکھتا ہے تو اس کی پیدائش آپریشن سے ہوتی ہے اگر لکیر آغاز کے بعد صحیح سالم حالت میں ہو تو پھر پیدائش کے وقت تکلیف کا سامنا زچہ کو ہوتا ہے جبکہ بچہ محفوظ رہتا ہے۔

زندگی کی لکیر کے آغاز میں ایک واضح دوشاخہ پایا جائے اور ان کی شاخیں مضبوطی کی حامل ہوں اور ان میں ایک لکیر اپنے مخصوص مقام اور دوسری مشتری کے ابھار سے ہو تو ایسا شخص پیدائشی طور پر سربلندی کا خواہاں ہوتا ہے۔ اگرچہ اس کے ظاہری حالات سے یہ ظاہر نہیں ہوتا ہے لیکن جیسے ہی وہ عہد شباب میں داخل ہوتا ہے تو اچھے عہدے اور کام کی لگن اس کے دماغ میں گھر کر لیتی ہے۔ جس پر عمل کر کے وہ کامیاب ہو جاتا ہے۔ اس کے ہر کام اور گفتگو میں بڑی انتھک محنت شامل ہوتی ہے سماجی اعتبار سے بھرپور لوگوں کے ہاتھوں میں ایسی لکیر ہوتی ہے۔

زندگی کی لکیر پر شاخیں

زندگی کی لکیر کے آغاز میں اگر سر شاخہ پایا جاتا ہے ایک مضبوط شاخ اپنے مقررہ مقام سے طلوع ہو جبکہ دوشاخیں مشتری کے ابھار سے نمودار ہوں تو ایسا شخص پیدائشی طور پر بہت امیر کبیر اور صاحب ثروت ہوتا ہے ایسے لوگ، اوائل عمری سے ہی رعب جمانے لگتے ہیں حکمرانی کے جراثیم ان میں بدرجہ اتم موجود ہوتے ہیں اور اپنی تھوڑی سی محنت سے اعلیٰ حکومتی عہدوں پر پہنچ جاتے ہیں۔ اور روپیہ کمانے کے سلسلے میں ہر جائز اور ناجائز طریقے استعمال کرتے ہیں۔

سلسلہ وار

مشاہدات ہمزاد

تحریر:- عامر کمال (ملتان)

ہمزاد کو مسخر کرنے کی جستجو اور لگن میرے دل میں اُس وقت سے تھی جب میں نے ایک شخص سے ملاقات کی اور اس نے ہمزاد کی قوتوں کے استعمال کے بارے میں کئی واقعات بتائے میری یہ ملاقات 15 سال قبل ان سے ہوئی اسی جستجو میں نے کئی لوگوں سے رابطہ کیا کئی کتابیں ہمزاد کے اعمال سے متعلق پڑھی لیکن درست طور پر کوئی عمل ہاتھ نہ آیا لیکن میری کوشش پھر بھی جاری رہی مجھے جنون کی حد تک ہمزاد کو مسخر کرنے کا شوق تھا۔ ایک صاحب سے ملاقات ہوئی جنہوں نے کہا کہ کتابی اعمال سے ہمزاد مسخر بہت جلد ہوتا ہے لیکن اگر کوئی شخص ساری عمر کتابی عمل کرتا رہا تو کچھ بھی حاصل نہ ہوگا اُن کی یہ ذومعنی بات میرے سر سے گزر گئی جس طرح اس وقت آپ کے سر سے گزر گئی۔ اُن کا کہنے کا مقصد یہ تھا کہ کوئی بھی کتابی عمل ہو جب تک یکسوئی حاصل نہ ہوگی تو کوئی عمل بھی کام نہ کریگا۔ اسی خاطر میں نے یکسوئی حاصل کرنے کیلئے اُنہی بزرگ سے تربیت لینا شروع کی پہلے انہوں نے دریا' نہر کنارے روزانہ 3000 بار عمل عبارت استغفر اللہ (توبہ کروں میں اپنے خالق مالک سے۔ یہ عمل مجھے 40 روز تک اپنے قدموں پر نگاہ جما کر کرنا تھا اس عمل میں مجھے تقریباً ساڑھے تین سے چار گھنٹے روزانہ لگے۔ بالکل پُرسکون اور خاموشی کی جگہ پر اس کو کرنا شرط اول تھی۔ میں نے جب پہلے 40 روز مکمل کئے تو ایک عجیب کیفیت کا احساس ہوتا تھا ان بزرگ سے ملا کہ حضور میرے 40 دن پورے ہو گئے آگے تسخیر ہمزاد کا عمل دے دیں اُنہوں نے ایک طائرنہ نظر مجھ پر ڈالی اور فرمایا بیٹا ابھی 40 دن اور کرو مکمل طور پر صاف نہیں ہوئے ہو۔ ان دوسرے 40 روز کرنے میں وہ کیفیت تھی کہ دل پُرسکون اندھیرے میں بھی روشنی نظر آتی تھی آنکھیں بند کروں تو روشنی اور بادل سامنے تیرتے سامنے نظر آتے تھے بعض اوقات یوں بھی لگتا کہ جیسے جسم سو رہا ہے لیکن روح جاگ رہی ہے۔ پھر یہ کیفیت سوتے اور جاگتے ہوئے بھی ہونے لگی کہ میں درج بالا ورد روح کے ساتھ کرنے لگا۔ اس دوران جو بھی خواب نظر آتا وہ حقیقت پر مبنی ہوتا۔ دوران ورد ایک دن یوں بھی ہوا کہ جیسے میرے سامنے سے ایک بڑا سا پرندہ اُڑ کر گزرا ہو میں چونک کر اُس کی طرف دیکھنے ہی والا تھا کہ دل میں خیال آیا کہ میرے بزرگ نے حکم دیا ہوا ہے کہ نظر پاؤں سے نہیں اُٹھانی یعنی کیفیت ایسی بن جاتی جیسے گردن جھکائی ہوئی ہو۔ پھر ایسا بھی محسوس ہوتا کہ اردگرد بہت شور ہو گیا ہو یا پھر کوئی کھڑکی یا دروازے پر زور زور سے دستک دے رہا ہو۔ جب یہ دن مکمل ہوئے تو میں ان بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوا عرض کی کہ حضور! اب دن مکمل ہو چکے ہیں عمل عنایت فرما دیں۔ اُن بزرگ نے حکم دیا کہ بیٹا ابھی کام پورا نہیں ہوا ابھی 40 دن اور کرو۔ میں نے تعمیل کی یہ 40 دن میری زندگی کے وہ یادگار دن ہیں جن کو میں کبھی نہ بھلا پاؤں گا۔ اس کیفیت میں میں نے اپنے چار چار جسم بھی دیکھے اپنے آپ کو ہوا میں اُڑتا ہوا بھی محسوس کیا۔ نور اور روشنی کے سمندر میں ڈوبتا ہوا بھی محسوس کیا۔ ایسا بھی محسوس ہوتا تھا کہ جیسے میری روح دُنیا سے پرواز کر چکی ہو۔ بعد کے دونوں 40 دنوں کیلئے بزرگ رہنما کی جانب سے یہ حکم تھا کہ اب تمہیں 3000 گنتی کی ضرورت نہیں بس جب تک طبیعت میں اکتاہٹ پیدا نہ ہو اس حالت میں کھڑے رہو۔ دل چاہے تو یہ تمام کیفیت بیٹھ کر بھی کر سکتے ہو لیکن اس دوران میں سونا ہرگز نہیں ورنہ مارے جاؤ گے۔ میں نے ایسا ہی کیا ایسا سرور آتا کہ کبھی کبھی 5 اور 6 گھنٹے گزرتے ہوئے بھی پتہ نہ چلتا۔ آخری 40 دنوں میں اُن بزرگوں نے حکم دیا کہ دن بھر لاتعداد آیت کریمہ کا بھی ورد کرو۔ آخری 40 دن پورے ہونے کے بعد میں ان بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوا انہوں نے دیکھتے ہی فرمایا کہ اب تم پورے ہو چکے ہو اور جاگ بھی چکے ہو حسب قاعدہ آیت کریمہ 3 گھنٹے تک 90 دن تک پڑھو۔ لیکن یاد رکھو کہ بیٹھ کر اس انداز سے کرو کہ گردن اپنی جگہ سے نہ ہلنے پائے کمرے میں اندھیرا کر لو کہ صرف اپنا عکس نظر آئے چنانچہ میں نے اُن کی دی گئی دیگر ہدایت پر عمل کرتے ہوئے شروع کر دیا۔ اکیسویں دن ہی میرے ساتھ ہمزاد سے متعلق واقعات پیش آنا شروع ہو گئے جن میں کبھی تو یوں لگتا کہ جیسے میرا سر تن سے جدا ہو چکا ہو یا کبھی ایسا محسوس ہوتا کہ جیسے پورے جسم کو رسی کی طرح بل دے دیا ہو ایک بار یوں لگا کہ پورے جسم میں اس قدر شدید جھٹکا آیا کہ جسم اور روح کا رابطہ ختم ہو گیا ہو پھر ایک سایہ سیاہ رنگت میں چمکتا ہوا دور کھڑا نظر آیا بظاہر گردن جھکی ہوئی تھی لیکن میں اپنی باطنی آنکھ سے اُس کا مشاہدہ کر سکتا تھا ورد میں مشغول رہا تو وہ سایہ میرے قریب آ کر اتنا بڑا ہو گیا کہ جیسے چٹکی سے مجھے اُٹھا کر دور پھینک دیگا۔ میں بے پرواہ وہ کر ورد میں مشغول رہا دن گزرتے گئے اور اُس کی رنگت سیاہ

بقیہ صفحہ نمبر 40

تحریر:۔ ڈاکٹر شفیق (نشتر ہسپتال ملتان)

سلسلہ وار روحانی مشاہدات

درود وسلام پڑھنے کے بعد مراقبہ کے لیے نشست جمائی چند لمحوں بعد روشنی میں منظر واضح ہوا جس میں آسمان پر تیز روشنی پھیلی ہوئی ہے۔ تمام ماحول بھی روشنی میں نہایا ہوا ہے۔ آسمان پر قمقمے ر ستارے روشن ہیں۔ ان کے درمیان میں اسم ذات ''اللہ'' روشن نظر آنے لگا۔ ماحول میں روشنی بڑھ گئی نہایت خوشگوار خاموشی اور سکوت ہے۔ کچھ وقت بعد اسم مبارک ''محمد'' اسم ذات ''اللہ'' کے نیچے روشن نظر آنے لگا۔ نہایت پرکیف ماحول ہے۔ کچھ دیر بعد یہ منظر روشنی میں چھپ جاتا ہے۔ اس منظر۔ مراقبہ کی نشست کو کچھ دیر ہی گزری ہوگی کہ ایک نہایت عالیشان عمارت کا اندرونی منظر نظر آنے لگا۔ در و دیوار سے روشنی پھوٹ رہی ہے جیسے یہ خود سے روشن ہیں کیونکہ روشنی کا کوئی منبع نظر نہیں آ رہا۔ منظر کا ماحول نہایت ہی ترو تازہ اور خوشگوار سکوت میں ڈوبا ہے میرے سامنے انگریزی حرف ''y'' سے مشابہہ راہداری ہے۔ اردگرد کے کمروں کی کھڑکیاں اس راہداری میں کھلتی ہیں۔ ان کھڑکیوں کے شیشوں سے روشنی راہداری میں آ رہی ہے۔ کمروں میں کوئی نظر نہیں آیا۔

یکا یک نظر آیا ''نہایت ہی خوبصورت' نفیس سبز رنگ کی عباء میں ملبوس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سبک خرامی سے تشریف لے جا رہے ہیں۔ مجھے صرف کہنی مبارک کے برابر کولہے مبارک سے اوپر کے حصہ کی زیارت نصیب ہوئی میں اس زیارت شریف کی لذت میں گم تھا کہ ایک شخص نمودار ہوا اس نے نہایت بلند اور بارعب آواز میں مجھے کہا ''آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہوئے تھے تم نے درود پاک کیوں نہیں پڑھا؟'' فوراً سارا منظر روشنی میں چھپ جاتا ہے۔ میں نے درود سلام پیش کیا اور اللہ تعالیٰ سے اس کوتاہی پر توبہ کی۔ میں نے جو دیکھا اسے اپنی پوری دیانت اور احتیاط سے بیان کر دیا ہے۔ اس زیارت مبارک کا منظر میرے دل ودماغ پر نقش ہے۔ اس کا سرور میری رگ وپے میں سما گیا ہے۔ طبیعت میں انتہائی اطمینان خوشی اور تازگی چھا گئی ہے۔

نشست شروع ہے کچھ دیر بعد میرے بائیں جانب دھوئیں کے مرغولے اٹھتے دکھائی دے یہ اوپر آسمان کی طرف پھیل گئے دھوئیں سے سیاہ ہیولا جس نے آتشی رنگ میں چرمی لباس پہنا ہوا ہے۔ چہرے کے خدوخال واضح نہیں ہیں ایسا لگتا ہے سر پر سیاہ ٹوپی نما پہنا ہوا ہے۔ اس منظر کے ماحول میں نہایت گھٹن اور اندھیرا ہے یہ ہیولا مجھے تحکمانہ لہجے میں کہتا ہے'' کھڑے ہو جاؤ' کھڑے ہو جاؤ' اٹھ جاؤ'' میں تصور میں اسم ذات ''اللہ'' پر توجہ رکھتا ہوں اس کی بات کا کوئی جواب نہ دیا۔ کچھ دیر بعد میرے ہیولا اور دھواں غائب ہو گیا میری پشت سے کسی نے میرا نام لے کر تنبیہ کے انداز میں پکارا ''شفیق'' ''شفیق'' پھر زوردار آواز میں ''شفیق'' کہا۔ اس کے ساتھ ہی خاموشی چھا گئی۔ ان تمام آوازوں پر کان نہ دھرا خود ہی ناکام ونامراد ہو کر خاموش ہو گئیں۔

جب میں نے اس واقعے کا ذکر استاد محترم سے کیا تو انہوں نے فرمایا کہ دوران مراقبہ یا چلہ کشی کچھ نشیب وفراز ہوتے ہیں جو کہ مکمل طور پر صاحب عمل کو راستے سے ہٹانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ وہ کسی نہ کسی طرح مراقبہ یا چلہ کشی چھوڑ دیں وہ لوگ جو کہ بناء کسی راہنمائی کے عمل کرنا شروع کر دیتے ہیں یا مراقبہ کو شروع کرتے ہیں یقیناً مخفیات کی جانب سے پھیلائے گئے جال میں کہیں نہ کہیں پھنس جاتے ہیں یا دھوکہ میں آ کر مصیبت میں گرفتار ہو جاتے ہیں یہی رجعت عمل ہوتی ہے۔

آنے والے دنوں میں مراقبہ کے دوران ایسا بھی ہوا کہ اسم ذات ''اللہ'' یکسوئی ذوق وشوق کے باوجود نظر نہ آتا۔ دن بھر وہم اور وسوسے گھیرے رہتے۔ طبیعت ہر وقت بوجھل رہتی دل ودماغ میں غلیظ خیالات کی بھرمار ہونے لگی۔ ایسا محسوس ہوتا کہ ساری ریاضت رک گئی ہے۔ یہ دن بے چینی وبے یقینی سے بھرپور تھے۔ اکیلے میں رونے کو دل چاہتا۔ تمام حالات سے اپنے روحانی راہبر محمد ایاز مزمل صاحب کو آگاہ کیا۔ حالت یہ ہو گئی کہ ان کے پاس جانے کا ارادہ باندھتا تو کوئی میرے اندر سے کہتا ''کیوں؟'' ان کی توجہ تمہاری طرف بالکل نہیں ہے۔ مسکرا مسکرا کر بات سن لیتے لیکن ٹرخا رہے ہیں ان کے پاس کچھ نہیں ہے چھوڑو سب کچھ اس کے ساتھ ہی سر میں درد کی ایک لہر پھیل جاتی طبیعت پر غصہ چھا جاتا۔

میرے روحانی راہبر نے بتایا کہ مراقبہ میں روحانی ترقی کے ساتھ ہی شیاطین ورغلاتے ہیں۔ برے خیالات خواب' یہ سب اس طالب کو راہ سے بہکانے کے حیلے ہیں۔ اس مرحلہ کو ثابت قدمی۔ نماز کی پابندی' درود پاک کی کثرت سے طے کرتا ہے۔ جب موقع ملے ذکر الٰہی کیا جائے۔ باوضو رہا جائے۔

اس دوران ایک وقت ایسا بھی آتا ہے جب اپنی ہی نظر میں خود کی اتنی تذلیل کر دی جاتی ہے کہ صاحب عمل نظر اٹھا کر دیکھنے کے قابل بھی نہیں رہتا۔ یہ ایک ایسا وقت ہوتا ہے کہ جس میں انسان میں اُٹھنے والے غرور اور تکبر کو اور اپنے من کی روحانی نیکیوں کے پہاڑ کو اس طرح خاک میں ملایا جاتا ہے کہ جیسے خدا کی نظر میں خود اُسکی کوئی اُوقت نہیں اگر ایسا نہ ہو تو اس وقت میں انسان اپنے آپ کو دوسروں سے عبادت و ریاضت میں بلند اور بہت روحانی قوتوں کا مالک سمجھتا ہے۔ جس سے با آسانی حکمرانی کی طرف وہ نکل جاتا ہے۔ بیشتر لوگ جو بغیر کسی رہنما کے حصول روحانیت میں قدم رکھتے ہیں عین موقع پر بھٹک جاتے ہیں۔ یہ بات پوری ذمہ داری سے لکھ رہا ہوں کہ یہ مرحلہ انتہائی خطرناک اور بہکا دینے میں آنے کا ہے۔ اس کا مقابلہ راہبر کی راہنمائی میں استغفار درود وسلام، ذکر الٰہی سے طے ہو سکتا ہے۔ الحمد اللہ! صد شکر! احقر العباد اس جاں گسل مرحلہ کامیابی سے طے کرنے میں کامیاب رہا۔ آنے والے دنوں میں سکون قلب و دماغ فعال ہونے لگا۔ مراقبہ کی روحانی کیفیت بحال ہونے لگی۔ اسم ذات ''اللہ'' ''پوری آب وتاب سے آنکھوں کے سامنے ہوتا۔ تیز روشنیاں ان کے اندر تیزی سے بدلتے مناظر لیکن ان کی شناخت نہیں ہو سکی کچھ دکھایا جاتا ساتھ ہی ذہن سے محو ہو جاتا انتہائی برق رفتاری سے۔ اسی طرح دن گزرتے رہے دن رات مراقبہ کی کیفیت رہنے لگی اور اس کیفیت میں اضافہ ہوتا رہا۔ ایک دن معمول کے کام کاج میں مصروف تھا کہ غنودگی چھانے لگی۔ دل چاہتا تھا کہ سو جاؤں۔ اٹھ کر کمرے میں ٹہلنا شروع کر دیا لیکن بات نہ بنی مجبور ہو کر سائیڈ روم میں لگے بیڈ پر لیٹ گیا۔ خواب میں مسجد نبوی کا منظر نظر آیا چھت اور محراب دکھائی دیے ساتھ ہی بہت سارے لوگوں کی آواز میں الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سنائی دیا۔

یہ کیفیت کچھ دیر رہی پھر خود ہی آنکھ کھل گئی۔ غنودگی اور نیند کا نام ونشان تک نہ تھا۔ باوضو رہنے کی عادت ہوگئی ہے۔ اکثر اوقات ذکر الٰہی' درود وسلام زبان پر جاری رہتا ہے۔ خیالات وتصورات میں پاکیزگی آ گئی ہے میرے راہبر کی طرف سے یہ تاکید تھی کہ بے وضو نہ رہا جائے۔ دن اور رات باوضو رہا جائے۔ اس طرح روح کی پاکیزگی رہتی ہے ہر وقت درود پاک کا ورد دل اور روح سے جاری رہنے لگا یہ وہ کیفیت اور سرور ہے کہ جسے لفظوں میں بیان کرنا ناممکن ہے چاہتے اور نا چاہتے ہوئے بھی استغفار اور درود پاک کا ورد جاری ہو جاتا طبیعت میں بے چینی ختم ہوگئی اور سکون کا باعث بنی۔ وہ روحانی سکون جو کہ لاکھوں کروڑوں دنیاوی دولت خرچ کرنے کے بعد بھی لوگوں کو حاصل نہیں ہوتا۔ اس کیفیت میں دوران نیند بھی روح بیدار رہتی جس کا محور صرف یاد الٰہی ہوتا ہے۔

اسی دوران مختلف واقعات پیش آئے دوران مراقبہ نشست پر روشنی میں کھلی جگہ کا منظر ہے۔ پُر نور دائروں کا ڈھیر ہے کس چیز سے بنے ہوئے ہیں۔ ان میں کیا ہے کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ ان پر روشنی نہیں پڑ ہی بس نظر آ رہے ہیں۔

کچھ دیر بعد دو بزرگ ان نورانی دائروں کے پاس آ کر کھڑے ہو جاتے ہیں ان میں سے ایک میری طرف اشارہ کرتے ہوئے دوسرے کو کہتا ہے'' اسے کس طرف بھیجنا ہے؟'' ادھر یا دھر؟'' دوسرا شخص میرے دائیں طرف موجود ایک راستے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے ادھر اس کی زیادہ ترقی نہیں ہے۔'' اسے اس طرف بھیجو'' مجھے دو راستے جو کہ انتہائی روشن ہیں اوپر آسمان کی بلندیوں کی طرف جاتے نظر آتے ہیں۔ ان دو راستوں کے درمیان گھپ اندھیرہ ہے کچھ دکھائی یا سجھائی نہیں دیتا۔ (جاری ہے)

روحانی ٹوٹکے

دیوانگی دور کرنے کا عمل

سورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف متواتر تین دن صبح وشام بکثرت پڑھ کر دیوانے پر تھپکارنے سے انشاء اللہ دیوانگی رفع ہوجائیگی۔

ہر مرض کے دفیعہ کا عمل

ہر مرض کے دفعیہ کیلئے لکھ کر پینے کے واسطے آیت ذیل دینا چاہئے۔
سَلَامٌ قَولاً مِن رَبِ الرَجِیم

عمل شفاء

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرماتے ہیں۔ جس شخص نے لَا حَولَ وَلَا قُوۃَ اِلَّا بااللہِ پڑھا یہ اس کیلئے دوا ہے۔ ننانوے امراض کی۔

بخار دور ہو

جس کو تپ آئے وہ یوں کہے۔ بِسمِ اللہِ الکَبِیرِ تپ جاتی رہے۔

مرض الموت کا عمل

جس مومن نے آیت لَا اِلٰہ اِلَّا اَنتَ سُبحَانَکَ اِنیِ کُنتُ مِنَ الظّٰلِمِینَ کو اپنی بیماری میں چالیس مرتبہ پڑھا اور مرگیا اس کو شہید کا اجر ملتا ہے اور اگر اچھا ہوگیا تو اس کے سارے گناہ بخش دیئے جائینگے۔

کثرت احتلام کا عمل

بعض صالحین نے فرمایا ہے کہ جب تو سونے کو بستر پر آئے تو سورۃ السماء والطارق یا لفظ ناصر پڑھ کر سورہے۔ اکثر احتلام جاتا رہے گا۔

نیند کم آنا

ایک شخص سے کسی عالم نے کہا کہ سوتے وقت یہ آیت اِن اللہ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّونَ عَلَی النَّبِیِ یَا اَیُّھَا الَّذِینَ اٰمَنُوا صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُو تَسلِیمًا پڑھ لیا کرو کہ تجھے جو نیند کم آتی ہے پوری آنے لگے۔

ننانوے بیماریوں کی دوا

ننانوے بیماریوں کی ایک دوا ہے اور ان میں سے ایک ادنی بیماری ہے لَاحَولَ وَلَا قُوَۃَ اِلا بااللہِ۔

بچھو کا زہر دور کرنے کا عمل

اگر بچھو کاٹے تو سات مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر اس پر دم کریں۔

ہر بیماری دور کرنے کا عمل

سورۃ فاتحہ ہر بیماری کی دوا ہے۔ فجر کے فرضوں اور سنتوں کے درمیان اکتالیس بار پڑھ کر مریض کے منہ پر دم کردی جائے۔

مراد حاصل کرنے کا طریقہ

عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نماز اور پڑھے۔ جس کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار اور باقی تینوں رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص، فلق اور سورۃ الناس ایک ایک مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد دعا مانگے اور اپنی دلی مراد چاہے۔ اللہ تعالیٰ مراد پوری کرے گا۔

یونانی ٹوٹکے

شراب کا نشہ اتر جائے

ایک تولہ پھٹکری دودھ میں ملا کر پلاوے یا ذرا سی اصلی ہینگ پانی میں گھسا کر پلاوے تو نشہ جلد اتر جاوے۔

بخار دور ہو

مکڑی کا جالا پورانے گڑ میں ملا کر کھاوے۔ تو تیتہ بخار دور ہو۔

بچھو کا زہر دور ہو

نوشادر اور چونہ باہم ملا کر سنگھاؤ۔ فوراً بچھو کا زہر اتر جائے۔

تیتہ تاپ جاتا رہے

بخار ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے مریض کے دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی پر لال مرچ پانی میں رگڑ کر سفید کپڑے پر لگا کر باندھ دو۔ جوں جوں مرچ خشک ہوگی۔ انگلی کو جلن پہنچے گی بخار ہٹتا جائے گا۔

اُڑے ہوئے بال پیدا ہو جائیں

ہاتھی دانت کا برادہ بھیڑ کے دودھ میں پیس لیں پھر ۴ رتی رسونت ملا کر جہاں کے بال اُڑ گئے ہوں۔ لیپ کرے۔ تو بال پیدا ہو جائیں۔

دانت آسانی سے نکلیں

سرس کے بیجوں کی مالا بنا کر گلے میں پہناوے تو بچے کے دانت آسانی سے نکلیں۔

ناک میں ناسور نہ رہے

دن میں مریض کو سلا کر سانپ کی کینچلی پانی میں گھس کر لگائے خشک ہونے پر مریض کو جگادے پانچ مرتبہ یہی عمل کرنے سے مریض صحتیاب ہوگا۔

حمل قائم ہو

جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو اسے بعد ازاغت حیض چھ ماشہ ناگ کیسر چوتھے دن سے آٹھویں دن تک کھلاوے تو حمل قائم ہو جاوے۔

پرانا بخار جاتا رہے

مریض کے جسم میں بکری کا خون داخل کریں بخار دور ہو۔

قے کرانا

اگر قے کرانے کی ضرورت ہو۔ مگر آتی نہ ہو۔ تو تربوز کے پھل کی جڑ پیس کر پلاوے۔

سنکھیئے کا اثر دور ہو

کھانڈ اور میگنیشیا ملا کر دینے سے سنکھیا کا زہر دور ہو۔ یا گولر کی جڑ کی چھال پانی میں ملا کر پلائے۔

منہ سے پیاز کی بدبو نہ آئے

پیاز کھا کر اوپر سے سرکہ اور اجمود ملا کر پی لے۔ یا قہوہ سیاہ کا ایک پیالہ پی لے تو منہ سے پیاز کی بدبو نہ آوے گی۔

بقیہ نواز شریف

مشتری کا دور آنے کی سعادت نصیب ہوئی صوبہ پنجاب میں آپ کی حکومت بن گئی جج کی بحالی کرائی دوسری طرف زحل کو ساڑھ ستی کے اثرات طالع برج میزان سے جاری ہیں جس وجہ سے ذاتی طور پر الیکشن لڑنے پر پابندی عائد ہوئی 25 فروری کو شریف برادران کی نااہلی 2007ء سے کا حکمنامہ جاری ہوا ہے ادوار سیارگان کے رو سے مشتری کے دور اصغر کے جاری رہنے پر ایک طرف بے فائدہ حاصل ہوگا دوسری طرف زحل کی ساڑھ ستی آپ کو پریشان ضرور کرے گی جب تک زحل کی طالع سے گزر ہوگی تب تک حکومت نہ ملے گی زحل 6 اکتوبر 2012ء کے بعد دوسرے گھر میں داخل ہو کر دسویں گھر سے تثلیث بنائے گا تب مکمل طور پر کامیابیاں حاصل ہوں گی اس سے قبل قریبی لوگوں سے کسی کو حکمرانی مل سکتی ہے 2013ء کا سال ان کے لئے بہتر سال ہوگا۔ واللہ اعلم بالثواب

دعا گو: ۔ شوکت علی بروہی

بقیہ مجربات قریشی

اور عمل بروز اتوار شروع کریں۔ اس طرح سات دن تک عورت کی کنگھی سے بال لیں۔ اور عم کریں۔ عمل کرنے کے بعد عورت کے بال چلتے پانی میں بہا دیں۔ بفضل خدا عورت نرم مزاج اور خدمت گزار ہو جائے گی۔ عمل ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا ودود یا حافظ یا بدوح۔

بقیہ فیوض العملیات

نشانی یہ کہ پھول ناچنے لگ جائیں گے۔ اگر پھول ناچنے لگے تو سمجھو عمل مکمل ہو گیا محبوب کی حاضری ہوگی۔ اس عمل سے تسخیر شدہ مطلوب ہر طریقہ سے منتر پڑھنے والے کی خدمت کرے گا۔ دوران عمل لو بانی سلگائیں روزانہ ایک سے ڈیڑھ گھنٹہ لگتا ہے عمل لاجواب ہے۔ منتر یہ ہے

منتر چلے پتر چلے چلے دنیا جہاں میرے باچے سے بیر چلے موہے

شکل جہاں موہے موہے میں تجھے پکاروں موہنیا دوڑت آئے

دیس بنگلہ اتر دیا م بس میں کرے چاروں کام ذہر دھرتی آسمان

بھوت، چڑیل، مری مسان انسان کی کون کھائے چونسٹھ گوٹ کے دیوتا

موہ کے لائے مولوی ملا حاجی رحمان۔ جس کو کیوں موہ کے نہ لائے (فلاں بن فلاں کو موہ کے نہ لائے) تجھے مارا خواجہ پیر کا پائے بجق

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بقیہ جنات و شیاطین

وانصروا الھتکم ان کنتم فعلین قلنا یا نار کونی بردأو سلما۔

سر چکر آنے کا علاج

ایسی صورت میں آنکھوں کے سامنے اٹھتے چلتے پھرتے وقت اندھیرا چھانا اور ساتھ چکر آنا کہ مریض ابھی گرا۔ یہ مرض معدہ میں صفراوی خلط بند ہونے کے باعث ہوتا ہے یہ دعا لکھ کر مریض کے سر پر باندھی جائے اور ساتھ دم کیا جائے وننزل من القرآن ماھو شفاء ورحمة للمومنین ۔ الم ترالی ربك كيف مدالظل ولو شاء لجعلة ساكنائم جعلنا الشمس عليه دليلا ۔ بسم الله الرحمن الرحيم ۔ بسم الله الكافی بسم الله المعافی ولاحول ولاقوة الا بالله العلی العظيم ۔ اللہ کے حکم سے فائدہ ہوگا۔

بقیہ مشاہدات ہمزاد

سے سفید ہوتی گئی اکثر دن میں مجھے مدھم سا اپنے ساتھ دکھائی دینے لگا عمل شروع کئے ہوئے 52 دن گزر چکے کہ میرے ایک دوست نے اطلاع دی کہ اُن بزرگ کا انتقال ہو گیا میں بہت گھبرا گیا جب اُن کے گھر گیا تو یہ خبر سچ تھی۔ مجھے ہر وقت ایک خوف کی کیفیت طاری رہنے لگی لیکن وقت مقررہ پر پڑھائی نہ چھوڑی۔ عمل شروع کئے ہوئے 75 دن ہوئے تو ایک شخص جو کہ ہو بہو مجھ جیسا ہی تھا آیا اور کہنے لگا کہ میں تم سے بہت تنگ آچکا ہوں میں نے ہار مان لی آؤ اب ہم دونوں ساتھ رہتے ہیں۔ وہ سفیدی مائل صرف سایہ کی شکل میں میرے ساتھ رہتا کہ عمل کا 84 واں دن تھا دوران عمل مجھے کہنے لگا کہ تم نے غلطی کر دی اب میں تمہارے ساتھ نہیں رہ سکتا میں اپنے ورد میں مشغول رہا پھر وہ مجھ سے دور ہٹتا چلا گیا میں روحانی آنکھ سے اُسے دیکھتا رہا جب واقعی وہ مجھ سے دور ہٹ گیا تو گردن اُٹھا کر میں نے اُسے بلایا تو قریب آ کر اُس نے کہا کہ بس میرا کام ختم ہو گیا تم نے ورد چھوڑ دیا اب زندگی بھر تم مجھے دوبارہ نہیں بُلا سکتے۔ پھر اس کے بعد میں اس قدر بیمار ہوا کہ کھانسی نہ رُکتی تھی جسم میں جھٹکے پڑتے تھے دن میں بھی ایسی کیفیت رہتی جیسے نیند میں چل رہا ہوں میں اپنا مرض سمجھ چکا تھا اسی کیفیت میں حالت خواب میں اُنہی بزرگ سے ملاقات ہوئی اور فرمانے لگے کہ اب 90 دن تک کلمہ استغفار سابقہ طریقہ سے پڑھو اور صدقہ خیرات دو میں نے ایسا ہی کیا تو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ میری حالت بہتر ہوتی گئی الحمد للہ اب بالکل ٹھیک ہوں۔ خود یا بچہ پر آیت کریمہ کی حاضرات کروانا چاہوں تو فوری ہو جاتی ہے اکثر و بیشتر درست جواب دیتی ہے۔ لیکن طبعیت اور دل دوبارہ تسخیر ہمزاد کی جانب کبھی مائل نہ ہوا کیونکہ اس قوت سے اب میں اس قدر خوف زدہ ہو چکا ہوں کہ اپنے ذہن میں سوچوں بھی تو خوف سے کانپ جاتا ہوں۔

قارئین تحفہ روحانیات سے گزارش ہے کہ تسخیر ہمزاد سے متعلق کوئی بھی عمل ہو کسی راہبر یا رہنما کے بغیر ہرگز نہ کریں۔ میری زندگی کا نچوڑ یہی رہا ہے